(ج) ✓ مجید امجد (د) ڈاکٹر وزیر آغا

66- علامہ اقبال کی کتاب ''بال جبریل'' میں کل کتنی رباعیات شامل ہیں؟

(ا) 30 (ب) 35

(ج) 36 (د) ✓ 39

67- عظیم الدین کے پہلے سانیٹ کا عنوان کیا تھا؟

(ا) ✓ فریادِ عظیم (ب) عظیم

(ج) اختر (د) دعا

68- یہ کس کا کلام ہے؟

ا اللہ چنبے دی بوٹی مرشد من میرے وچ لائی ہو

نفی اثبات دا پانی ملیا ہر رگے ہر جائی ہو

اندر بوٹی مشک مچایا جاں پھلن پر آئی ہو

جیوے مرشد کامل باہو جنیں او بوٹی لائی ہو

(ا) ✓ سلطان باہو (ب) قادر یار

(ج) شاہ میراں جی (د) بابا فرید گنج شکرؒ

69- اردو کا موپاساں کس کو کہا جاتا ہے؟

(ا) اصغر ندیم سید (ب) غلام عباس

(ج) ✓ سعادت حسن منٹو (د) شفیق الرحمن

70- ''مرزا غالب بندر روڈ پر'' کس کی تصنیف ہیں؟

(ا) ✓ خواجہ معین الدین (ب) انور مقصود

(ج) کمال احمد

(د) اطہر شاہ خان جیدی

71- وہ ترقی پسندوں سے چڑے ہوئے ہیں اور ترقی پسند ان سے، یہ کس کے متعلق اشارہ ہے؟

(ا) غلام عباس (ب) عصمت چغتائی

(ج) فاروق احمد (د) ✓ انتظار حسین

72- اردو ڈرامے کا آغاز کس شہر سے ہوا؟

(ا) ✓ لکھنؤ (ب) لاہور

(ج) دہلی (د) آگرہ

73- پطرس کے مضمون ''مرحوم کی یاد میں'' کا ہیرو کون ہے؟

(ا) بیل گاڑی (ب) موٹر سائیکل

(ج) ویگن (د) ✓ بائیسیکل

74- مولانا الطاف حسین حالی نے سوانح نگاری کے میدان میں کس سال قدم رکھا؟

(ا) 1872ء (ب) ✓ 1881ء

(ج) 1892ء (د) 1894ء

75- بتایئے ''تشکیل جدید الہیات اسلامیہ'' کے موضوع پر علامہ اقبال کے انگریزی خطبات کا ترجمہ پشتو زبان میں کس نے کیا؟

(ا) محمد ہوتک (ب) اجمل خٹک

(ج) نسیم حجازی (د) ✓ سید الابرار

76- اردو ادب میں بہترین داستان گو کسے قرار دیا جاتا ہے؟

(ا) محمد عطاء حسین خان تحسین

(ب) بہادر علی حسینی

(ج) کاظم علی جوان (د) ✓ رتن ناتھ سرشار

77- ''داستان امیر حمزہ'' اور ''بوستان خیال'' میں کون سی داستان مختصر داستان ہے؟

(ا) داستان بوستان خیال

(ب) داستان امیر حمزہ

(ج) ✓ دونوں طویل ہیں (د) کوئی بھی نہیں

78- ڈرامہ بھارت کا لال کے خالق کا نام بتایئے؟

(ا) کالی داس

(ب) عبدالاکبر خان اکبر

(ج) ✓ حکیم احمد شجاع (د) احمد عقیل روبی

79- ''اور خدا دیکھتا رہا'' کس کی تصنیف ہے؟

(ا) پریم چند (ب) کرشن چندر

(ج) کنہیالال (د) ✓ جمنا داس اختر

80- سفرنامہ کشمیر سے حیدرآباد کے مصنف کا نام بتایئے؟

(ا) نسیم حجازی (ب) اختر مونٹکا

(ج) مولانا جعفر تھانیسری

(د) ✓ رچرڈ ٹیمپل

81- ''ذوالفقار علی بھٹو'' کس کی کتاب ہے؟

(ا) الطاف حسین (ب) ✓ مولانا کوثر نیازی

(ج) فرحت اللہ بابر (د) اجمل خٹک

82- قرآن پاک کا اردو میں سب سے پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

(ا) مولانا اشرف تھانوی

(ب) ✓ حضرت شاہ رفیع الدین دہلوی

WWW.EASYMCQS.COM

(ج) شاہ ولی اللہ
(د) مولانا سید سلیمان ندویؒ

83- اردو نثر کی باقاعدہ ابتداء کس کالج سے ہوئی؟
(ا) پنجاب یونیورسٹی
(ب) بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی
(ج) مدراس یونیورسٹی
(د)✓ فورٹ ولیم کالج کلکتہ

84- اردو زبان کے پہلے ہندو شاعر کا نام بتایئے؟
(ا)✓ نام دیو (ب) کرشن چندر
(ج) جگن ناتھ آزاد (د) رتن ناتھ سرشار

85- اردو کے پہلے شاعر کا نام بتایئے؟
(ا) مرزا غالب (ب)✓ مسعود سعد سلمان
(ج) بہادر شاہ ظفر (د) اکبر الہ آبادی

86- اُردو سیرت کی کتاب ''خطبات احمدیہ'' کے مصنف کا نام بتایئے؟
(ا)✓ سر سید احمد خان
(ب) مولانا سید سلیمان ندوی
(ج) مولانا اشرف علی تھانوی
(د) شاہ ولی اللہ

87- سندھ کے ایک مشہور مجذوب صوفی شاعر کا شجرۂ نسب حضرت عمر فاروق سے جاملتا ہے ان کا نام بتایئے؟
(ا)✓ سچل سرمست
(ب) شاہ عبداللطیف بھٹائی
(ج) بابا فرید (د) قادر بخش بیدل

88- اس شعر میں کونسی صنعت مستعمل ہے؟
اس کا کوئی گود کا پالا نہ تھا
گھر میں کوئی گھر کا اجالا نہ تھا
(ا) ایہام (ب) تلمیح
(ج)✓ مجاز مرسل (د) مثنوی

89- ''قیام پاکستان کا تاریخی اور تہذیبی پس منظر'' کس نے مرتب کی؟
(ا)✓ سمیع اللہ قریشی (ب) شمیم جالندھری
(ج) اظہر حسن ندیم (د) ڈاکٹر جمیل جالبی

90- تنقید میں کس نے ترقی پسند نقطہ نظر کو پیش کیا؟
(ا) محی الدین زور قادری
(ب) مولانا شبلی نعمانی
(ج) مولانا محمد حسین آزاد
(د)✓ اختر حسین رائے پوری

91- گلشن گفتار کس کا تذکرہ ہے؟
(ا) نیاز علی پرشاد (ب) گوہر ملیسانی
(ج)✓ محمدی اورنگ آبادی
(د) میر تقی میر

92- سینٹ جان پرس کی نظموں کا اردو ترجمہ کس نے کیا؟
(ا)✓ انیس ناگی (ب) انور سجاد
(ج) فیض احمد فیض (د) محمد سلیم الرحمن

93- ''رن کچھ سے چونڈہ تک'' کس کی تصنیف ہے؟
(ا) امیر افضل (ب) اصغر خان
(ج) کے ایم عارف (د)✓ خالد محمود

94- کلام میں اول ایک بات کرنا پھر اسے بدل کر مقدم کو موخر اور موخر کو مقدم کرنا مثلاً:
لہو ٹپکا ہماری آرزو سے
ہماری آرزو ٹپکی لہو سے
(ا) صنعت توجیہ (ب) صنعت اغراق
(ج) صنعت تکرار (د)✓ صنعت عکس

95- علی گڑھ یونیورسٹی نے علامہ سید سلیمان ندوی کو ان کی علمی و ادبی خدمات کے اعتراف میں ''ڈی لٹ'' کی اعزازی ڈگری کس سن میں دی؟
(ا) 1940ء (ب)✓ 1941ء
(ج) 1942ء (د) 1943ء

96- معروف ادیب ڈاکٹر محمد دین تاثیر کا انتقال کب ہوا؟
(ا) 30 اکتوبر 1950ء
(ب) 30 ستمبر 1950ء
(ج)✓ 30 نومبر 1950ء
(د) 30 دسمبر 1950ء

97- ''جنگ آزادی'' کے نام سے دوسری کتاب کس نے لکھی؟
(ا)✓ خورشید مصطفی رضوی
(ب) عبداللطیف
(ج) اصغر خان (د) سعید راشد

98- ''آنکھیں ترستی ہیں'' مصنف کا نام بتایئے؟
(ا) عطاء الحق قاسمی (ب) محمد طفیل
(ج)✓ جگن ناتھ آزاد (د) ضمیر جعفری

99- سندھی شاعری کا ستارہ صبح کسے کہا جاتا ہے؟
(ا) شاہ عبداللطیف بھٹائی
(ب) سچل سرمست
(ج) مرزا قلیچ بیگ
(د)✓ شاہ عبدالکریم بلڑی

100- دہلی کا ناسخ کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
(ا) مومن (ب) میر انیس
(ج) میر درد (د)✓ شاہ نصیر

☆☆☆

WWW.PAKSOCIETY.COM

حصہ چہارم

(انٹرویو اور ماڈل انٹرویوز)

انٹرویو

انٹرویو کا لفظی مطلب خیالات، آراء اور نقطہ نظر کا تبادلہ کرنا ہے، یہ تقریباً تمام امتحانات اور ملازمتوں کے لئے مشترکہ ہوتے ہیں۔ انٹرویو کا بنیادی مقصد امیدوار کی صلاحیت اور قابلیت، ذہنی میلان، اظہار کے طریقہ کار اور گفتگو کے اسلوب کا جائزہ لیکر حتمی رائے قائم کرنا ہوتا ہے۔ چونکہ محکمے اور ادارے قابل اور باصلاحیت امیدواروں کے چناؤ کے لئے اپنے صوابدیدی اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے امیدوار کا حتمی چناؤ کرتے ہیں اس لئے انٹرویونگ کے بنیادی اصول ان تمام اقسام کے لئے یکساں ہوتے ہیں۔

انٹرویو کی اقسام:

انٹرویو کی متعدد اقسام ہیں جن کی تکنیک اور ساخت کے مطابق درجہ بندی کی جاسکتی ہے۔ انٹرویو کی اہم اقسام درج ذیل ہیں۔

منصوبہ بند انٹرویو:

منصوبہ بند انٹرویو میں انٹرویو لینے والا پہلے ہی سے موضوعاتی سوالاتوں کا ایک خاکہ تیار کرتا ہے۔ اس طریقہ میں انٹرویو لینے والا جوابات تحریری طور پر ریکارڈ کرے گا۔ کہنہ مشق انٹرویو لینے والا اپنے تجربے کی بدولت امیدوار کے تمام رجحانات اور ذہنی معلومات کو جان لیتا ہے، وہ جن مضامین پر غور کرتا ہے ان میں گھریلو زندگی، تعلیم، سابقہ کام کا تجربہ، سماجی تسویہ، رویے اور دلچسپیاں شامل ہیں۔ جن کا مقصد امیدوار کے ساتھ خوش دلی اور آزادی کے ساتھ کھل کر بات چیت کرنا ہوتا ہے، ایسا انٹرویو لینے والا مکمل جائزہ لیکر امیدوار کی ملازمت کے سلسلہ میں کامیابی یا ناکامی کی نشاندہی کرتا ہے۔ ایسے انٹرویو میں امیدوار کو تنظیم/ادارے کے کام کی نوعیت، تنخواہ، ترقی کے مواقع اور ملازمین پر عائد شرائط کے بارے میں معلومات مہیا کی جاسکتی ہیں۔

وضع کردہ انٹرویو:

ایسے انٹرویو کو کہتے ہیں جو انتہائی جامع سوالنامہ کی بنیادوں پر کیا جاتا ہے۔ اس انٹرویو کی مدد سے جوازی مطالعات نے اچھے نتائج حاصل کئے ہیں۔ انٹرویو لینے والے کی بہت زیادہ احتیاطی تربیت اور ٹھوس انتخابی طریق کار امیدوار کی اہلیت اور نااہلیت کا فیصلہ کرنے میں خاطر خواہ مدد فراہم کرتے ہیں۔

تاکیدی انٹرویو:

تاکیدی انٹرویو کا طریقہ کار دوسری جنگ عظیم کے دوران خفیہ عاملوں کے انتخاب کے لئے امریکی حکومت نے وضع کیا۔ اس میں انٹرویو لینے والا دشمن کے کردار کو فرض کر کے انہیں مدافعت کرنے اور دانستہ طور پر تنگ کرنے، پریشان کرنے اور مایوس کرنے کے لئے انٹرویو کرتے ہیں۔ بعض اوقات امیدوار پر غصہ جھاڑ کر اسے مشکل میں ڈال دیا جاتا ہے۔ تاکیدی انٹرویو کا مقصد ان لوگوں کی تلاش ہے جو اپنے رویے پر قابو پانے کے اہل ہیں خواہ انہیں جان بوجھ کر جذباتی کر دیا جائے۔ اس طریقہ انٹرویو کو بہت

زیادہ تربیت یافتہ شخص استعمال کرسکتا ہے۔

پینل انٹرویو:

پینل انٹرویو میں تین یا اس سے زائد افراد انٹرویو لیتے ہیں۔ پینل طریق کار کو عموماً سرکاری دائرہ اختیار میں استعمال کیا جاتا ہے۔ پینل تکنیک درخواست دہندگان کی زیادہ جامع تحقیق کرنے، اور انفرادی کارکردگی کی وضاحت کو باآسانی ممکن بناتا ہے۔ قیاس کے طور پر انٹرویو لینے والے کے تاثرات اور میلان کو کھلے عام زیر بحث لایا جاسکتا ہے۔

انٹرویو کے مقاصد:

انتخابی انٹرویو کے مقاصد تین درجات میں منقسم ہیں۔

(i) انٹرویو لینے والا امیدوار کے ارادوں کے بارے میں علم حاصل کر کے اسکے تنظیم/ادارے کی ملازمت اور خاص ملازمت کے لئے موزوں ہونے کا تعین کرسکتا ہے۔

(ii) جس طرح آجر اپنے ادارے کے استحکام اور ترقی کیلئے ایک ملازم کو منتخب کرتا ہے بلکہ اسی طرح امیدوار ملازمت کا متلاشی آجر کا انتخاب کرتا ہے۔ جو اپنی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے بہت سے لوگوں کو مسترد کرتا ہے ایک انٹرویو کا ایک مقصد ادارہ، ملازمت اور لوگوں کے بارے میں معلومات مہیا کرتا ہے۔

(iii) تیسرا مقصد انٹرویو لینے والا امیدوار کے ساتھ اس انداز میں بات یا ملاقات کرتا ہے جیسا کہ کمپنی بہتر ماحول کیلئے خیر سگالی کے جذبات پیدا کرتی ہے۔

غیر قانونی سوالات:

ایسے سوالات جن کے جوابوں کی ضرورت نہ ہو غیر قانونی کہلاتے ہیں اور ایسے سوالات انٹرویو لینے والے کو پوچھنا نہیں چاہیے تاہم کبھی کبھار انٹرویور اس طرح کے چند سوالات پوچھ سکتا ہے۔

اب یہ امیدوار کا فرض ہے کہ وہ یہ اندازہ لگائے کہ یہ سوال کا جواب دینے کے قابل بھی ہے یا کہ نہیں۔ امیدوار کو ہرگز ایسا نہیں کہنا چاہیے کہ سوال ناجائز/غیر قانونی ہے۔ اس قسم کے سوالات کچھ ایسے ہوتے ہیں۔

- ☆ آپ کی عمر کیا ہے؟
- ☆ کیا آپ شادی شدہ ہیں یا منگنی ہوئی ہے؟
- ☆ آپ کا وزن کتنا ہے؟
- ☆ آپ کے ساتھ کون رہتا ہے؟
- ☆ آپ کے بچے کتنے بڑے ہیں؟
- ☆ کیا آپ نے زیادہ بچے پیدا کرنے کی منصوبہ بندی کی ہے؟
- ☆ جب آپ کام پر ہوں تو بچوں کی حفاظت کون کرے گا؟
- ☆ آپ جنس کے معاملے میں کیسے جارہے ہیں؟
- ☆ کیا آپ کرایہ کے مکان میں رہتے ہیں یا آپ کا اپنا مکان ہے؟
- ☆ کیا آپ کا ریکارڈ مجرمانہ ہے؟

ان سوالات کے جوابات کا تمام تر انحصار ایک امیدوار پر ہے کہ وہ کیسا رویہ اپناتا ہے اور انٹرویو لینے والے کو کس انداز میں مطمئن کرتا ہے۔

انٹرویو کا دن:

- ☆ سب سے پہلے آپ وہ مقام دیکھ لیں جہاں انٹرویو کا انعقاد ہونا ہے، تاکہ آپ بروقت جائے انٹرویو تک پہنچ جائیں۔
- ☆ صاف ستھرا لباس زیب تن کریں۔
- ☆ انٹرویو کے روز بروقت دفتر پہنچئے۔
- ☆ انٹرویو کے دوران چہرے پر مسکراہٹ سجائے رکھیں۔

WWW.EASYMCQS.COM

☆ مشکل پیچیدہ سوالات کے جوابات دیتے وقت گھبراہٹ کا شکار ہونے کی بجائے نرمی اختیار کیجئے۔

☆ انٹرویو لینے والے کو یقین دلائیں کہ آپ ہی اس ملازمت کے اہل ہیں۔

☆ دوران ملازمت آپ کیا کر سکتے ہیں جرات اور اعتماد سے ان کا اظہار کریں۔

☆ اپنی تعلیم اور تجربہ کے متعلق انہیں بتایئے۔

☆ ملازمت میں دلچسپی ظاہر کریں اوقات کار، تنخواہ اور تربیت کے بارے میں سوالات کریں۔

☆ افراتفری اور گھبراہٹ کا شکار نہ ہوں۔

☆ انٹرویو لینے والے آفیسر کو ایک لفظ میں جواب دینے کی بجائے تفصیلی جوابات دیں۔

☆ جوابات اثر آفریں ہونے چاہئیں۔

☆ وہ کہیئے جو آپ چاہتے ہیں۔

☆ اونچی مگر خوشگوار آواز میں بات کیجئے تا کہ آپ کے جواب کو اچھی طرح سنا جا سکے۔

☆ ہاتھوں اور ٹانگوں کی غیر ضروری حرکات اضطراری سے گریز کریں، کیونکہ یہ گھبراہٹ کا اظہار کرتی ہیں۔

☆ انٹرویو میں عام سوالات پوچھے جاتے ہیں لہذا انٹرویو کے دوران ذہنی طور پر حاضر رہیے۔

☆ انٹرویو کے فوراً بعد ہر اس چیز کو لکھیے جو آپ نے غلط یا درست بیان کی۔

☆ جوابات دیتے ہوئے وقت کا حساب رکھیں۔ خوامخواہ جلد بازی یا دیر سے کام نہ لیں۔

☆ دوران انٹرویو با اعتماد رہیے۔

☆ ایسا سوال جس کا آپ جواب نہیں دے سکتے چھوڑ دیجئے۔

☆ انٹرویو لینے والے کے ہر سوال کو غور سے سنیے۔

☆ انٹرویو لینے والے کے کام میں مداخلت سے گریز کریں ایسی صورت میں انٹرویو لینے والا منفی رائے قائم کر سکتا ہے۔

دوران انٹرویو کیا نہیں کرنا چاہئے؟

انٹرویو دیتے ہوئے امیدواران کو مندرجہ ذیل ہدایات مدنظر رکھنی چاہئیں۔

☆ انٹرویو کے دوران ناک کان اور انگلیوں سے مت کھیلئے۔

☆ جوابات کے دوران اپنا نقطہ نظر نہ ٹھونسیے۔

☆ بڑبڑاہٹ سے بچئے۔

☆ انٹرویو لینے والوں کے کام میں مداخلت سے گریز کرتے ہوئے اس کے سوالات کو سنیں۔

☆ انٹرویو کے دوران سگریٹ نوشی نہ کیجئے۔

☆ حواس باختگی کا مظاہرہ نہ کریں۔

☆ انٹرویو والے کمرے میں اس وقت داخل ہوں جب آپ کو بلایا جائے۔

☆ دوران انٹرویو گنواروں کی طرح بیٹھئے نہ میز پر جھکیے۔

☆ انٹرویو لینے والے یا ممبروں سے بدتمیزی نہ کیجئے۔

☆ انٹرویو کے کمرے میں میز پر پڑے ہوئے ٹیلیفون، بال پوائنٹ، پین اور کاغذات نہ گھمایئے۔

☆ آدھی آستین کی قمیض، جسم کے ساتھ چپکی ہوئی پینٹ پہننے سے گریز کریں۔

☆ انٹرویو کے دوران ادھر ادھر نظریں گھمانے کی بجائے انٹرویو کرنے والے کے سوالات پر بھرپور توجہ دیں۔

☆ سوالات کا جواب دیتے وقت قطعاً شرماہٹ اور ہچکچاہٹ کا مظاہرہ نہ کریں۔

☆ طویل جواب کی بجائے مناسب جواب دیں۔

☆ ایسے سوالات کے جواب دینے سے گریز کریں جو آپ سے نہ پوچھے گئے ہوں۔

☆ دوران انٹرویو خوامخواہ علمی قابلیت نہ بگھاریں۔

☆ انٹرویو دینے والے کو بہکانے اور دھوکہ دینے کی کوشش نہ کریں۔

☆ غمگین نہ ہوں۔

☆ اگر آپ سوال کو نہیں سمجھ پائے تو آپ انٹرویو لینے والے سے کہہ سکتے ہیں کہ وہ سوال کو دہرائے۔

انٹرویو میں کامیابی کے لئے مکمل تیاری کرنی چاہیے کیونکہ ایک امیدوار کی زندگی میں یہ انٹرویو والا دن بڑا اہم ہوتا ہے۔ اس روز امیدوار بھرپور اعتماد کے ساتھ انٹرویو کی تیاری کرے۔

چند ہدایات:

انٹرویو کے دوران امیدواران سے مندرجہ ذیل اقسام کے سوالات ہر حالت میں پوچھے جاتے ہیں جن کی تیاری کرنا آپ کے لئے انتہائی اہمیت کی حامل ہے، یہ ایسے سوالات ہیں جن کی بظاہر تو کوئی اہمیت نہیں لیکن درحقیقت یہ آپ کے سنہری مستقبل کیلئے انتہائی دوررس اثرات کے حامل ہیں، مثلاً

س: آپ کا تعلق کس علاقہ سے ہے؟

ج: میرا تعلق جھاوریاں ضلع سرگودھا سے ہے۔

س: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سرگودھا ضلع کی کتنی تحصیلیں ہیں اور جھاوریاں کس تحصیل کی حدود میں شامل ہے؟

ج: سرگودھا ضلع کی چھ تحصیلیں، کوٹ مومن، بھلوال، شاہ پور، میانوالی، ساہیوال اور سرگودھا ہیں، جبکہ جھاوریاں تحصیل شاہ پور کا علاقہ ہے۔

س: سرگودھا کن حوالوں سے مشہور ہے؟

ج: سرگودھا کو شاہینوں کا شہر کہتے ہیں، کیونکہ یہاں پاکستان کا سب سے بڑا جنگی ہوائی اڈہ اور پی اے ایف کالج موجود ہے۔ علاوہ ازیں سرگودھا کا شمار ان خوش نصیب شہروں میں ہے جس کے شہریوں کی بے مثل جرأت اور بہادری کے باعث حکومت نے پرچم ہلال استقلال کے اعزاز سے نوازا، کینو اور سنگترہ کی پیداوار کے لحاظ سے تحصیل بھلوال کا علاقہ دنیا بھر میں اپنی منفرد پہچان رکھتا ہے۔ دیگر اہم اجناس میں گندم، اعلیٰ نسل کا چاول، گنا اور بانس پیدا ہوتا ہے۔

س: سرگودھا لاہور سے کتنی مسافت پر واقع ہے؟

ج: 165 کلومیٹر۔

س: موٹروے (ایم 2) سرگودھا ضلع کی حدود میں بھی واقع ہے اس ضلع کی حدود میں موٹروے پر کتنے انٹرچینج واقع ہیں؟

ج: چار انٹرچینج، سیال موڑ، کوٹ مومن، سالم اور بھیرہ انٹرچینجز اس ضلع کی حدود میں واقع ہیں۔

س: شیر شاہ سوری کی تعمیر کردہ بادشاہی مسجد سرگودھا ضلع کے کس شہر میں واقع ہے؟

ج: شیر شاہ سوری کی تعمیر کردہ بادشاہی مسجد اس علاقے کے قدیم مرکز اور تاریخی شہر بھیرہ میں واقع ہے۔

س: پاکستان کے ایک سابق وزیراعظم کا تعلق ضلع سرگودھا سے ہے ان کا نام بتایئے؟

ج: ان کا اسم گرامی جناب فیروز خان نون (مرحوم) ہے۔

س: آپ نے میٹرک کا امتحان امتیازی پوزیشن سے پاس کیا، ایف ایس سی میں آپ کے نمبرز بہت کم اور بی ایس سی میں آپ نے یونیورسٹی میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ تعلیمی کیریئر میں اتنی اونچ نیچ وجہ کیا ہے؟

ج: تعلیمی سفر کے دوران میری ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ میں

WWW.PAKSOCIETY.COM

امتیازی پوزیشن حاصل کروں اگر اس دوران میرے نمبر کم آئے ہیں تو میں کسی کو الزام دینے کی بجائے یہ کہنا پسند کروں گا محنت کبھی رائیگاں نہیں جاتی ہوسکتا ہے کہ ایف ایس سی کے دوران میں بہتر طریقے سے محنت نہ کر سکا ہوں۔ مذکورہ سوالات کے مطالعہ سے آپ کو مشترکہ نوعیت کے سوالات کی نوعیت کا بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے لہذا آپ کو چاہیئے کہ یاد کریں۔

1- اپنے علاقہ کا محل وقوع، جغرافیائی معلومات، دریائی گزر گاہیں، نہریں، شاہرات کا نظام، انتظامی تقسیم، آپ کے علاقہ کا وفاقی وصوبائی دارالحکومتوں سے فاصلہ، معدنی پیداوار، زرعی پیداوار، صنعتیں، جنگلات، شرح خواندگی، آبادی، اہم تعلیمی ادارے، مشہور اور تاریخی عمارات (آثار قدیمہ)۔

2- علاقہ کی مشہور سیاسی، سماجی، فوجی، ادبی اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات کے کارہائے نمایاں اور موجودہ انتظامی عہدیداران۔

3- اپنے آبائی علاقہ کی تعمیر وترقی کے حوالے سے تجاویز۔

4- آپ کا تعلیمی کیریئر زیادہ اور کم نمبرز کی وجوہات، جن اداروں میں آپ زیر تعلیم رہے ان کی تاریخ اور اثرات، وہاں زیر تعلیم رہنے والی اہم شخصیات اور ان کے کارہائے نمایاں۔

5- جس یونیورسٹی سے ڈگریاں حاصل کی ہیں اس کی تاریخ قیام، شعبہ جات اور اساتذہ وغیرہ کے اسمائے گرامی۔

6- جس ملازمت کیلئے انٹرویو دے رہے ہیں اس کی پسندیدگی کی وجہ اس شعبہ میں کس سے متاثر ہیں۔

7- خواتین امیدواران نامور مسلم خواتین، حکمران خواتین اور خواتین سے متعلقہ دیگر معلومات کو اچھی طرح یاد کریں۔

8- غربت اور بے روزگاری کے خاتمے، اقتصادی استحکام اور ملکی ترقی کے حوالے سے آپ کی تجاویز۔

9- کھیلوں سے وابستگی، ملکی ریکارڈ کے متعلق معلومات، پسندیدہ کھیل کے اصول وضوابط اور نیٹ وغیرہ کی لمبائی، چوڑائی اونچائی وغیرہ۔

☆☆☆

ماڈل انٹرویو

چیئرمین: السلام وعلیکم!

امیدوار: وعلیکم والسلام!

سوال: آپ کا نام کیا ہے؟

جواب: ریاض ارشد خان نیازی۔

سوال: ڈاکٹر سید عبداللہ نے کسے "جمال دوست" شاعر کہا؟

جواب: ولی دکنی۔

سوال: شاہ جہاں آباد کے بازار کا نام کیا رکھا گیا؟

جواب: اُردو بازار۔

سوال: مسلمانوں کی آمد سے قبل ذات پات کے نظام میں تقسیم ہندوستان کے مقامی لوگوں کی کتنی زبانیں ملک کے طول وعرض میں رائج تھیں؟

جواب: 15000 سے زائد۔

ممبر دوئم:

سوال: اردو ڈرامے کی ابتدا کس نے کی؟

جواب: واجد علی شاہ۔

سوال: اس شعر کا خالق کون ہے؟

خودی تعمیر کرلیتی ہے اپنی چار دیواری
خود اپنی ذات سے بڑھ کر کوئی زنداں نہیں ہوتا

جواب: جبریل صدیقی۔

سوال: ایسے لفظ کو کیا کہتے ہیں جس کا کچھ نہ کچھ مطلب سننے والے کی سمجھ میں آئے؟

جواب: کلمہ۔

ماہر مضمون:

سوال: لفظ (تلاش) کا مترادف بتایئے؟

جواب: جستجو، تجسس، تفتیش۔

سوال: مطالب ومفاہیم کے اعتبار سے نثر کی بڑی قسمیں کونسی ہیں؟

جواب: توضیحی، بیانیہ، انانیتی، تاثراتی۔

سوال: گذرا ہوا زمانہ کس کا مضمون ہے؟

جواب: سرسید احمد خان۔

سوال: کبھی کبھی جملے میں کسی لفظ کا املاء غلط لکھ دیا جاتا ہے ایسی غلطی کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: املاء اور ہجوں کی غلطی۔

سوال: بتایئے شاعر شباب کے کہتے ہیں؟

جواب: جوش ملیح آبادی۔

سوال: حاتم کا تعلق کس دبستان ادب سے ہے؟

جواب: دبستان دہلی۔

ممبر سوئم:

سوال: ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا نے شاعر مجید امجد کے مکمل مطبوعہ کلام کے علاوہ کتنی غیر مطبوعہ تخلیقات کو شامل کر کے کلیات مجید امجد مرتب کیا؟

جواب: 70۔

سوال: نظیر اکبر آبادی کا سال ولادت بتایئے؟

جواب: 1730ء۔

سوال: جوش ملیح آبادی کی مشہور اور طویل ترین نظم "حرف آخر"

WWW.EASYMCQS.COM

میں کل کتنے اشعار ہیں؟

جواب 40000۔

ممبر چہارم:

سوال فاتح کے نام سے جنرل اختر عبدالرحمان کے حالات زندگی کس نے قلمبند کئے ہیں؟

جواب ہارون الرشید۔

سوال ''وار اینڈ پیس'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

جواب ٹالسٹائی۔

سوال جارج برنارڈ شا کی شہرت کا سبب کیا تھا؟

جواب ڈرامہ نگاری۔

سوال قدیم اردو لفظ ھب کا مطلب بتایئے؟

جواب اب۔

سوال ہند یورپی خاندان کی زندہ زبانوں کو کتنی شاخوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

جواب 8۔

ممبر دوئم:

سوال تقلیات کی دو جلدیں کس نے مرتب کی تھیں؟

جواب بہادر علی حسینی۔

سوال پاکستان کا کون سا شہر اردو زبان و ادب کے حوالے سے لازوال شہرت کا حامل ہے؟

جواب لاہور۔

سوال اردو اکادمی ادبیات کا مرکزی دفتر کس شہر میں واقع ہے؟

جواب اسلام آباد۔

سوال اردو یونیورسٹی پاکستان کے کس شہر میں قائم ہے؟

جواب کراچی۔

سوال جامعہ عثمانیہ اردو زبان و ادب کی تاریخ میں بہت زیادہ اہمیت کی حامل ہے، یہ جامعہ کہاں واقع ہے؟

جواب حیدر آباد دکن۔

چیئرمین:

سوال اردو کے پہلے رپورتاژ کا نام بتایئے؟

جواب پورے۔

سوال یہ کس شاعر کا کلام ہے؟

''بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر''

جواب حافظ شیرازی۔

سوال ''چراغ تلے'' کے دیباچہ کا عنوان بتایئے؟

جواب پہلا پتھر۔

سوال ڈاکٹر فرمان فتح پوری کے بقول ساخت کے اعتبار سے اردو کس قسم کی زبان ہے؟

جواب مخلوط۔

چیئرمین: شکریہ اب آپ جا سکتے ہیں۔

اُمیدوار: شکریہ جناب عالی۔ خدا حافظ۔

چیئرمین: خدا حافظ۔

☆☆☆

ماڈل انٹرویو

چیئرمین: السلام وعلیکم!

اُمیدوار: وعلیکم والسلام!

سوال آپ کا نام؟

جواب محمد یعقوب۔

سوال آپ کہاں رہتے ہیں؟

جواب جناب میرا تعلق نور پور تھل ضلع خوشاب سے ہے۔

سوال خوشاب کے معنی بتایئے؟

جواب اچھا پانی۔

سوال زبان اردو کی پیدائش کا نظریہ کس نے پیش کیا؟

جواب محمد حسین آزاد۔

ممبر دوئم:

سوال اردو کی اولین فکری تحریک کونسی تھی؟

جواب علی گڑھ تحریک۔

سوال اس شعر کا خالق کون ہے؟

ذرا ان کی شوخی تو دیکھئے، لئے زلف خم شدہ ہاتھ میں
مرے پیچھے آئے دبے دبے مجھے سانپ کہہ کے ڈرا دیا

جواب بہادر شاہ ظفر۔

سوال لاہور میں گورنمنٹ کالج کا قیام عمل میں آیا تو کسے کالج کا پہلا پرنسپل کے مقرر کیا گیا؟

جواب ڈاکٹر لائٹنر۔

ہر مضمون:

سوال اردو تنقید کی بائبل کونسی کتاب کہلاتی ہے؟

جواب مقدمہ شعر و شاعری۔

سوال کرم حیدری نے کس مشہور ادیبہ کو اردو ادب کی جین آسٹن کا خطاب دیا؟

جواب بشریٰ رحمن۔

سوال اردو ادب کے عناصر خمسہ کن کو کہا گیا ہے؟

جواب سر سید احمد خاں' مولانا حالی' ڈپٹی نذیر احمد' شبلی نعمانی اور مولانا محمد حسین آزاد۔

سوال کس شاعر نے اپنا تخلص سوز رکھا تھا؟

جواب سید محمد امیر۔

سوال عورت تو خود شعر ہے شعر کا شعر کہنا کیا معنی۔ بتایئے عورتوں کی شعر گوئی کے بارے میں یہ جملہ کس شاعر نے کہا تھا؟

جواب جگر مراد آبادی۔

سوال تقدیس (نعت' منقبت) کس کا شعری مجموعہ ہے؟

جواب تابش دہلوی۔

ممبر سوئم:

سوال اردو میں انشائیہ نگاری کے آغاز کا اعزاز کسے حاصل ہوا؟

جواب سر سید احمد خان۔

سوال بتایئے ''ماں'' کس کی تصنیف ہے؟

جواب میکسم گورکی۔

سوال قرآن پاک کی اردو تفسیر تفہیم القرآن کے مصنف کون ہیں؟

جواب مولانا مودودی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

نمبر چہارم:

سوال: انگریزی ادب کے سب سے پہلے ناول کا نام بتایئے؟

جواب: سین فرائیڈے۔

سوال: "داستان تاریخ اردو" مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: حامد حسن قادری۔

سوال: کس ادارے نے "اردو پنجابی لغت" اور پنجابی اردو لغت شائع کی؟

جواب: اردو سائنس بورڈ لاہور۔

سوال: ضمیر موصولہ کے بعد جو جملہ آتا ہے اس کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: صلہ۔

سوال: پاکستان میں کس سال کو فیض کے سال کے طور پر منایا گیا؟

جواب: 2011ء۔

نمبر دوئم:

سوال: علامہ اقبال نے جس مقالہ پر پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری لی اُس کا عنوان بتایئے؟

جواب: ایران میں فلسفہ الٰہیات کا ارتقاء۔

سوال: سنہ ھ مدرسۃ الاسلام 1885ء میں کس نے قائم کیا؟

جواب: حسن علی آفندی۔

سوال: افریقہ کے اصل باشندے جو زبانیں بولتے ہیں انہیں کس گروہ میں شامل کیا جاتا ہے؟

جواب: بانتو گروہ۔

سوال: اردو زبان میں فارسی الفاظ کی قبولیت، پراکرت لفظوں کے اخراج اور ضابطہ پسندی کی تحریک نے کن خیل کون ہیں؟

جواب: ناسخ۔

سوال: "انوار اللغات" منظوم لغت کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

جواب: 420۔

چیئرمین:

سوال: ابتدائی تحقیق کا پہلا مرحلہ کون سا ہے؟؟

جواب: موضوع۔

سوال: بابائے اردو مولوی عبدالحق نے گلشن عشق کو اردو کا مقدم فرہنگ کے ساتھ دوبارہ شائع کیا یہ کتاب کس کی تصنیف ہے؟

جواب: ملا نصرتی۔

سوال: جنو چلے کے معنی بتایئے؟

جواب: جو کوئی چلے۔

سوال: گیت کو اردو میں مقبول بنانے کا سہرا کس شاعر کے سر ہے؟

جواب: حفیظ جالندھری۔

سوال: ایسا طرز مطالعہ جس میں کسی فن پارہ کے مواد کو بعض مسلمات کی روشنی میں پرکھ کر اس کے صحیح یا غلط ہونے کا جائزہ لیا جاتا ہے ادب میں کیا کہلاتا ہے؟

جواب: تحقیق۔

چیئرمین: شکریہ آپ سے کی گئی گفتگو بہت اچھی رہی، ہم آپ کے خوشگوار مستقبل کے لیے دعا گو ہیں۔ خدا حافظ آپ کو اجازت ہے۔

اُمیدوار: شکریہ جناب عالی۔ خدا حافظ۔

☆☆☆

ماڈل انٹرویو

چیئرمین: السلام وعلیکم!

اُمیدوار: وعلیکم والسلام!

سوال: آپ کا نام؟

جواب: مدثر علی خان۔

سوال: آپ کا تعلق کس علاقے سے ہے؟

جواب: جناب میرا تعلق شاہدرہ لاہور سے ہے۔

سوال: شاہدرہ میں دفن ہندوستان کی ایک ملکہ کا نام بتایئے؟

جواب: نور جہاں۔

سوال: ہندوستان کا کون سا بادشاہ تصویر کو دیکھ کر مصور کا نام بتا دیتا تھا؟

جواب: نورالدین محمد جہانگیر۔

نمبر دوئم:

سوال: ایسا طرز مطالعہ جس میں کسی فن پارہ کے مواد کو بعض مسلمات کی روشنی میں پرکھ کر اس کے صحیح یا غلط ہونے کا جائزہ لیا جاتا ہے ادب میں کیا کہلاتا ہے؟

جواب: تحقیق۔

سوال: یہ کس شاعر کا شعر ہے؟

یہ آگ ساتھ نہ ہوتی تو راکھ ہو جاتے
عجیب رنگ ترے نام سے ہنر میں رہا

جواب: ساقی فاروقی۔

سوال: وہ لفظ کیا کہلاتا ہے جس کے سننے سے کچھ معنی سمجھ میں نہ آئیں؟

جواب: مہمل۔

ماہر مضمون:

سوال: بعض متعدی مصادر ایسے ہوتے ہیں کہ ان سے متعدی المتعدی نہیں بن سکتے ایسے مصادر کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: متعدی محدود۔

سوال: ایسی "ہ" جو خوب کھل کر نہ پڑھی جائے کیا کہلاتی ہے؟

جواب: بائے مختفی۔

سوال: ڈرامہ باغ و بہار کس نے لکھا؟

جواب: آرام۔

سوال: تنقید کو ادب کی تخلیق سے متعلق استدلال اور محاکمہ کی سائنس کون تصور کرتا ہے؟

جواب: کولرج۔

سوال: "فن فطرت کی تقلید کرتا ہے۔" یہ کس کے الفاظ ہیں؟

جواب: ارسطو۔

سوال: ن م راشد کے مجموعہ "ماورا" میں کرداری نظموں کے سلسلہ کی آخری نظم کونسی ہے؟

جواب: خودکشی۔

ممبر سوئم:

سوال: فورٹ ولیم کالج کے مصنفین میں سے شیر علی افسوس نے "گلستان سعدی" کا ترجمہ کس نام سے کیا؟

جواب: باغ اردو۔

سوال: عہد 1458ء دکنی شاعر فخر دین نے ایک مثنوی کس نام سے تحریر کی تھی؟

جواب: کدم راؤ پدم راؤ

WWW.PAKSOCIETY.COM

سوال "مسلمان سب سے پہلے سندھ میں پہنچے ہیں۔ اس لئے قرین قیاس یہی ہے کہ جس کو ہم آج اردو کہتے ہیں اس کا ہیولیٰ وادیٔ سندھ میں تیار ہوا ہوگا۔" یہ کس کا دعویٰ ہے؟

جواب سید سلیمان ندوی "نقوش سلیمانی"۔

ممبر چہارم:

سوال کوہستانی زبان کی کتنی شاخیں ہیں؟

جواب 3۔

سوال امیر خسرو کی نظم "خالق باری" کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

جواب 192۔

سوال "اردو میں فرہنگ نویسی کا باقاعدہ آغاز عہد عالمگیری میں ہوتا ہے۔ چنانچہ اُردو کا قدیم ترین لغت "غرائب اللغات" اسی زمانے میں لکھا جاتا ہے۔" یہ کس کے الفاظ ہیں؟

جواب ڈاکٹر سید عبداللہ۔

سوال کسی لفظ میں آنے والے "الف" یا "ہ" کو ہائے مجہول (ے) سے بدل کر پڑھنا کیا کہلاتا ہے؟

جواب امامہ۔

سوال جملے میں بعض اوقات ایسی اغلاط دے دی جاتی ہیں جو عام لوگ اپنی روزمرہ تقریر و تحریر میں کرتے رہتے ہیں۔ ایسی غلطی کو کیا کہتے ہیں؟

جواب غلط العام۔

ممبر دوئم:

سوال تمہیدی قصیدہ کی دوسری قسم کونسی ہے؟

جواب رمز۔

سوال "ملاستوی کے درمیان" کس نے لکھی؟

جواب کشور ناہید۔

سوال سانیٹ کے پہلے بند کو اردو میں کیا کہتے ہیں؟

جواب مثمن۔

سوال یہ نغمہ کس نے لکھا ہے؟

☆ بٹ کے رہے گا ہندوستان
لے کے رہیں گے پاکستان

جواب سید یاور حسین کیف بنارسی۔

سوال لسان القوم کس مشہور شاعر کا خطاب تھا؟

جواب صفی لکھنوی۔

چیئرمین:

سوال سردار عبدالرب نشتر نے کس شاعر کو شہنشاہ تغزل کہا تھا

جواب مولانا حسرت موہانی۔

سوال غالب کی اردو غزلیات کا پہلا پنجابی ترجمہ کس نے کیا؟

جواب پروفیسر دلشاد کلانچوی۔

سوال اقبال کے اوّلین دور کی شاعری میں کونسا عنصر غالب نظر آتا ہے؟

جواب تقلید۔

چیئرمین: اب آپ کو اجازت ہے۔

اُمیدوار: شکریہ جناب عالی۔ خدا حافظ۔

☆☆☆

محاورات وضرب الامثال

آ

محاورات	معانی	جملے
آب آب ہونا	پسینہ پسینہ ہونا، شرمندہ ہونا	اسلم کو جب پولیس نے چوری کرتے پکڑ لیا تو وہ آب آب ہو گیا۔
آپ کو دور کھینچنا	اپنے آپ کو بڑا سمجھنا	مرتضیٰ ہمیشہ اپنے آپ کو اپنے ملازمین سے دور کھینچتا ہے۔
آتش کا پرکالا ہونا	سلگنا، بہت چالاک ہونا، شریر	الطاف سے بچ کر رہنا کہیں تمہیں دھوکا نہ دے جائے وہ تو آتش کا پرکالا ہے۔
آٹے کے ساتھ گھن پسنا	مجرموں کے ساتھ بے گناہوں کا مارا جانا	بے قصور اسلم رشید جیسے مکار کی وجہ سے مقدمہ میں پھنس گیا۔ سچ ہے آٹے کے ساتھ گھن بھی پس جاتا ہے۔
آج کل کرنا	ٹال مٹول کرنا	معروف جب بھی اپنی رقم واپس مانگتا ہے تو ارشد آج کل کر دیتا ہے۔
آبرو جا کے نہیں آتی	عزت خراب ہو جائے پھر نہیں بنا کرتی	ہمیشہ اپنی عزت کی حفاظت کرنا۔ یاد رکھنا آبرو جا کے نہیں آتی۔
آپڑوسن مجھ سی ہو	اپنی طرح اوروں کے لیے مصیبت چاہنا، کسی امیر پر حسد کرنا اور اسے بددعا دینا	تم اس کے بنگلے اور گاڑی کا ذکر مجھ سے بار بار کیوں کر رہی ہو میں تو یہی کہوں گا آپڑوسن مجھ سی ہو۔
آتا نہ چھوڑیے جاتا نہ موڑیے	کوئی ایسی چیز ملے تو لے لینی چاہیے، جاتی ہو تو پروا نہیں کرنی چاہیے	تم تو پاگل ہو۔ تمہیں کیا ضرورت تھی واپس کرنے کی، ہم تو یہی کہیں گے آتا نہ چھوڑیے جاتا نہ موڑیے۔
آٹا دال الوبھی ہے	اچھائیوں کے ساتھ برائیاں بھی ہیں	بس! اس کی زیادہ تعریفیں نہ کرتے جاؤ تم نہیں جانتے آٹا دال الوبھی ہے۔
آج آئے کل چلے	جلد چلے جانا، بہت مختصر قیام کرنا	ارے بھائی اتنی جلدی بھی کیا ہے، آرام سے چلے جانا۔ کچھ دن تو اور رہ تمہاری تو وہی مثال ہے آج آئے کل چلے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

محاورات وضرب الامثال

آ

محاورات	معانی	جملے
آب آب ہونا	پسینہ پسینہ ہونا، شرمندہ ہونا	اسلم کو جب پولیس نے چوری کرتے پکڑ لیا تو وہ آب آب ہو گیا۔
آپ کو دور کھینچنا	اپنے آپ کو بڑا سمجھنا	مرتضیٰ ہمیشہ اپنے آپ کو اپنے ملازمین سے دور کھینچتا ہے۔
آتش کا پرکالا ہونا	سلگنا، بہت چالاک ہونا، شریر	الطاف سے بچ کر رہنا کہیں تمہیں دھوکا نہ دے جائے وہ تو آتش کا پرکالا ہے۔
آٹے کے ساتھ گھن پسنا	مجرموں کے ساتھ بے گناہوں کا مارا جانا	بے قصور اسلم رشید جیسے مکار کی وجہ سے مقدمہ میں پھنس گیا۔ سچ ہے آٹے کے ساتھ گھن بھی پس جاتا ہے۔
آج کل کرنا	ٹال مٹول کرنا	معروف جب بھی اپنی رقم واپس مانگتا ہے تو ارشد آج کل کر دیتا ہے۔
آبرو جا کے نہیں آتی	عزت خراب ہو جائے پھر نہیں بنا کرتی	ہمیشہ اپنی عزت کی حفاظت کرنا۔ یاد رکھنا آبرو جا کے نہیں آتی۔
آپڑ دن مجھ سی ہو	اپنی طرح اوروں کے لیے مصیبت چاہنا، کسی امیر پر حسد کرنا اور اسے بددعا دینا	تم اس کے بنگلے اور گاڑی کا ذکر مجھ سے بار بار کیوں کر رہی ہو میں تو یہی کہوں گا آپڑ دن مجھ سی ہو۔
آتا نہ چھوڑیئے جاتا نہ موڑیئے	کوئی ایسی چیز ملے تو لے لینی چاہیے، جاتی ہو تو پروا نہیں کرنی چاہیے	تم تو پاگل ہو۔ تمہیں کیا ضرورت تھی واپس کرنے کی، ہم تو یہی کہیں گے آتا نہ چھوڑیئے جاتا نہ موڑیئے۔
آٹا دال الو بھی ہے	اچھائیوں کے ساتھ برائیاں بھی ہیں	بس! اس کی زیادہ تعریفیں نہ کرتے جاؤ تم نہیں جانتے آٹا دال الو بھی ہے۔
آج آئے کل چلے	جلد چلے جانا، بہت مختصر قیام کرنا	ارے بھائی اتنی جلدی بھی کیا ہے، آرام سے چلے جانا۔ کچھ دن تو اور رہ تمہاری تو وہی مثال ہے آج آئے کل چلے۔

ب

محاورات	معانی	جملے
بات اٹھانا	برداشت کرنا، آرزو پوری کرنا	تم جو کہو گے میں کروں گا مگر کسی غیر کی بات مجھ سے اٹھائی نہ جائے گی۔
باچھیں کھل جانا	بے انتہا خوشی ملنا	ارشد کی اچانک بیرونِ ملک واپسی سے عاصمہ کی باچھیں کھل گئیں۔
بار حرف اٹھانا	بولنا	جواب تبسم برداشت نہیں کر سکتے وہ لب نازک بار حرف کیونکہ اٹھا سکتے ہیں۔
بازار سرد کرنا	بے رونق کرنا	مہنگائی نے بازاروں کو سرد کر دیا ہے۔
باغ باغ ہونا	خوش ہونا	گرمی میں اچانک بارش نے مردہ دلوں کو باغ باغ کر دیا۔
بات بدلی ساکھ	زبان بدلنے پر عزت میں فرق آجاتا ہے	انسان جو وعدہ کرے اسے پورا کرے وگرنہ اس کی وہ عزت نہیں رہتی مشکل مشہور ہے بات بدلی ساکھ بدلی۔
بغلیں بجانا	خوش ہونا۔ فخر کرنا	کسی کی مصیبت کو دیکھ کر بغلیں بجانا دانش مندی کے خلاف ہے۔
بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی	برا آدمی ایک نہ ایک دن ضرور اپنی برائی کے باعث گرفتار ہوگا	گو صغیر اس دفعہ قسمت کی یاوری سے بچ نکلا ہے لیکن بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی۔ آخر ایک دن میرے قابو میں آ ہی جائے گی۔
بلی کے خواب میں چھیچھڑے	جس چیز کی طرف زیادہ خیال رہتا ہے ہر دم وہی یاد آتا ہے	جب بھی کوئی بات ہوتی ہے وہ کھانے پینے کا ذکر چھیڑ دیتا ہے۔ سچ ہے بلی کو خواب میں چھیچھڑے ہی نظر آتے ہیں۔
بندر کیا جانے ادرک کا سواد	ہر ایک کام کو ہر ایک آدمی سرانجام نہیں دے سکتا	اے بھائی یہ کام آپ کے بس کا نہیں ہے۔ بھلا بندر کیا جانے ادرک کا سواد۔

پ

محاورات	معانی	جملے
پاپڑ بیلنا	بہت محنت کرنا، کئی قسم کے کام کرنا	ارشد نے کئی سال پاپڑ بیلے لیکن کامیابی کا منہ نہ دیکھا اور نہ پیٹ بھر کر روٹی کھانی نصیب ہوئی۔

EASYMCQS.COM

پارہ پارہ ہونا، پاش پاش ہونا	ٹکڑے ٹکڑے ہونا	اس نے شیشے کو پتھر پر مار مار کر پارہ پارہ کر دیا۔
پالا پڑنا	کسی سے واسطہ پڑنا، کسی کے قابو میں آنا	خدا کرے سلمیٰ جیسی سنگدل سے کسی کا پالا نہ پڑے۔
پادر رکاب ہونا	تیار ہونا سفر کے لئے تیار ہونا	مجھ سے توقعات فضول ہیں میں تو مہمان ہوں پادر رکاب ہوں۔
پانی پانی ہونا	شرمندہ ہونا	جب اس نے مجھے میری احمقانہ حرکت کا احساس دلایا تو میں پانی پانی ہو گیا۔
پانچوں انگلیاں گھی میں ہونا	عیش کا زمانہ ہونا، مزے میں آنا	آج کل تو تمہارے عیش ہی عیش ہیں پانچوں انگلیاں گھی میں ہے۔
پاؤ سیر چاول چوبارے رسوئی	پرلے درجے کے شیخی بگھارنے والے کی نسبت کہا جاتا ہے حیثیت کچھ بھی نہیں اور کروفر امیرانہ نواب بے ملک	بابر بڑ بولے کی بات مت کیا کرو اس کی مثال تو ایسے ہی ہے جیسے پاؤ سیر چاول چوبارے رسوئی۔
پرائی کوٹھی کا ٹیڑھا منہ	دوسرے کے کام میں عیب نکالنا آسان ہے، غیروں کا آسرا رکھنا بالکل لغو ہے	تمہیں پرائی کوٹھی کا منہ ٹیڑھا نظر آتا ہے کبھی اپنے گریبان میں بھی جھانک کر دیکھا ہے۔
پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل	جاہل ہوتے ہوئے قابل بننا	زیادہ بڑھ بڑھ کر باتیں مت کیا کرو پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل۔
پوت کے پاؤں پالنے میں ہی دیکھے جاتے ہیں	بچپن اور طفلی کی حالت میں ہی نیک و بد کے آثار معلوم ہو جایا کرتے ہیں	بلاول بھٹو کے طور طریقے بتاتے تھے کہ بڑا ہو کر یہ عظیم شخص بنے گا اور خوب شہرت پائے گا۔ سچ ہے پوت کے پاؤں پالنے میں ہی دیکھے جاتے ہیں۔

ت

محاورات	معانی	جملے
تاب نہ لانا	مقابل نہ ہونا، ضبط نہ کر سکنا، بیہوش ہو جانا، طاقت نہ رہنا	جب جمال یار کی تاب نہ تھی تو پھر طالب دیدار کیوں ہوئے؟
تارا ہو جانا	اونچا اور بلند ہونا، روشن ہونا بہت پیچھے چلے جانا	پہلے تو نظر نہیں آتا تھا لیکن آج کنویں کی تہہ میں پانی تارا ہو گیا۔
تازہ گل کھلنا	عجیب بات کا ظاہر ہونا	آج پھر اسلم کے گھر کے سامنے کہرام مچا ہے ضرور اسنے کوئی تازہ گل کھلایا ہو گا۔
تصویر بننا	حیران ہونا، خاموش ہو جانا	وہ محفل میں تصویر کی صورت بنے بیٹھے۔
تقدیر پھرنا	بدبختی آنا، برے دن آنا	جب تقدیر پھرتی ہے تو پھر کسی کی کچھ نہیں چلتی ہے۔
تل کی اوجھل پہاڑ	معمولی سی مشکل کے پردے میں ایک بھاری مسئلے کا حل ہونا	استاد صاحب نے اس سوال کو فوراً حل کر کے سمجھا دیا۔ ہم نے بہت مغز مارا مگر کچھ ہاتھ نہ آیا۔ سچ ہے تل کی اوجھل پہاڑ۔
تیس مار خاں بننا	بڑا بہادر بننا، افلاطون کا سالا بننا	بظاہر وہ بڑا تیس مار خاں بنتا ہے لیکن حقیقتاً وہ بہت بزدل ہے۔
تین دن کے بعد مردار حلال	تین دن کے فاقہ کے بعد مردار کھانا روا ہے جان بچانے کے لیے ناز یبا کام بھی جائز ہے	ضرورت کے وقت برا بھی بھلا ہو جاتا ہے۔ جیسے تین دن کے بعد مردار حلال ہو جاتا ہے۔
تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو	تو اپنی کر تجھے غیروں کی کیا پڑی، خواہ مخواہ دوسروں کی عیب جوئی کرنا	تم اپنے کام سے کام رکھو۔ کسی کے مسئلے میں کیوں ٹانگ اڑاتے ہو۔ ہم تو یہی کہہ سکتے ہیں تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو۔

WWW.PAKSYLICOS.COM

ت

محاورات	معانی	جملے
تاب نہ لانا	مقابل نہ ہونا، ضبط نہ کر سکنا، بیہوش ہو جانا، طاقت نہ رہنا	جب جمال یار کی تاب نہ تھی تو پھر طالب دیدار کیوں ہوئے؟
تارا ہو جانا	اونچا اور بلند ہونا، روشن ہونا بہت پیچھے چلے جانا	پہلے تو نظر نہیں آتا تھا لیکن آج کنویں کی تہہ میں پانی تارا ہو گیا۔
تازہ گل کھلنا	عجیب بات کا ظاہر ہونا	آج پھر اسلم کے گھر کے سامنے کہرام مچا ہے ضرور اسنے کوئی تازہ گل کھلایا ہو گا۔
تصویر بننا	حیران ہونا، خاموش ہو جانا	وہ محفل میں تصویر کی صورت بنے بیٹھے۔
تقدیر پھرنا	بدبختی آنا، برے دن آنا	جب تقدیر پھرتی ہے تو پھر کسی کی کچھ نہیں چلتی ہے۔
تل کی اوجھل پہاڑ	معمولی سی مشکل کے پردے میں ایک بھاری مسئلے کا حل ہونا	استاد صاحب نے اس سوال کو فوراً حل کر کے سمجھا دیا۔ ہم نے بہت مغز مارا مگر کچھ ہاتھ نہ آیا۔ سچ ہے تل کی اوجھل پہاڑ۔
تیس مار خاں بننا	بڑا بہادر بننا، افلاطون کا سالا بننا	بظاہر وہ بڑا تیس مار خاں بنتا ہے لیکن حقیقتاً وہ بہت بزدل ہے۔
تین دن کے بعد مردار حلال	ضرورت کے وقت برا بھی بھلا ہو جاتا ہے۔	تین دن کے فاقہ کے بعد مردار کھانا روا ہے جان بچانے کے لیے ناز یبا کام بھی جائز ہے
تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو	تو اپنی کر تجھے غیروں کی کیا پڑی، خواہ مخواہ دوسروں کی عیب جوئی کرنا	تم اپنے کام سے کام رکھو۔ کسی کے مسئلے میں کیوں ٹانگ اڑاتے ہو۔ ہم تو یہی کہہ سکتے ہیں تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو۔

ث

محاورات	معانی	جملے
ثابت قدم رہنا	ارادہ پکا رکھنا، پیچھے نہ ہٹنا	ثابت قدم رہنے والا ہمیشہ کامیابی کا منہ دیکھتا ہے۔
ثالث بالخیر ہونا	مصنف ہونا، بغیر رورعایت فیصلہ کرنے والا ہونا	لوگ یوں ہی اس کی تعریف نہیں کرتے وہ ثالث بالخیر ہے۔
ثواب نہ عذاب کمر ٹوٹی مفت میں	عبث محنت، بے فائدہ کام، تضیع اوقات اور عمل بے سود کی مثال ہے	اس کیساتھ سارا دن ضائع کر دیا۔ ثواب نہ عذاب کمر ٹوٹی مفت میں۔
ثابت قدم کو سب جگہ ٹھاؤں	نیک اور درست آدمی کو ہر جگہ ٹھکانہ مل سکتا ہے	تم بالکل نہ گھبرانا، تمہارا ہر جگہ اٹھنے بیٹھنے کا بندوبست ہو جائے گا۔ تم تو جانتے ہو کہ ثابت قدم کو سب جگہ ٹھاؤں۔
ثابت نہیں کان بالیوں کا ارمان	کام کرنے کی لیاقت نہیں سامان کی شکایت ندارد آرائش کا خیال	اسے کام دام کچھ نہیں آتا۔ بس یونہی بکتا رہتا ہے کہ یہ نہیں اور وہ نہیں۔ اس کی وہی مثال ہے ثابت نہیں کان بالیوں کا ارمان۔

ج

محاورات	معانی	جملے
جاٹ گنوا نہ دے گڑ کی بھیلی دے	کم نقصان کی نسبت زیادہ نقصان برداشت کرنا	تھوڑے نقصان کو برداشت نہ کرنا۔ لیکن بہت سا نقصان سہار لینا۔ جاٹ سے سمجھتا ہے۔
جال بچھانا	مکر کرنا، دھوکا دینا	اس بناوٹی پیر نے لوگوں کو لوٹنے کے لئے خوب جال بچھا رکھا ہے۔
جامہ سے نکل پڑنا	بہت غرور ہونا	اکرم کا کاروبار خوب چل نکلا ہے شاید اسی لیے وہ اپنے جامہ سے نکلا پڑتا ہے
جاں بلب ہونا	مرنے کے قریب ہونا	جعلی ڈاکٹر کے علاج کی وجہ سے اسلم جاں بلب ہو گیا۔

WWW.EASYMCQS.COM

جان بچی اور لاکھوں پائے	زندہ رہنا غنیمت ہے	ڈاکوؤں سے لوٹے جانے کا کوئی افسوس نہیں۔ جان بچی لاکھوں پائے۔ روپیہ اور کمالیں گے۔
جتنا اوپر اتنا نیچے	بہت شریر	اس کی باتوں میں نہ آجانا یہ جتنا اوپر ہے اتنا نیچے ہے۔
جب تک سانس تب تک آس	زندگی دم آنے تک ہے	ابھی اتنی گریہ وزاری نہ کرو۔ جب تک سانس تب تک آس۔ اللہ ضرور کوئی نہ کوئی بہتری کی راہ نکالے گا۔
جتنا گڑ ڈالو اتنا میٹھا	جتنی محنت اور کوشش کرو گے اتنا ہی پھل پاؤ گے	امتحان میں تمہارے کتنے نمبر اور کونسی پوزیشن ہوتی ہے۔ یہ سب کچھ تم پر منحصر ہے تم جانتے ہی ہو جتنا گڑ ڈالو گے اتنا ہی میٹھا ہوگا۔ اس لیے دن رات محنت کرو تاکہ اعلیٰ کامیابی حاصل کر سکو۔
جس کی لاٹھی اس کی بھینس	طاقتور غالب آتا ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے	آج کل تو یہاں کے حالات بہت خراب ہیں۔ ہر طرف بے چینی پھیلی ہوئی ہے۔ یہاں تو وہی مثل ہے جس کی لاٹھی اس کی بھینس

چ

محاورات	معانی	جملے
چاٹ دینا	لالچ دینا	اس نے اسے چاٹ دے کر طبیعت اچاٹ کر دی۔
چارپائی پر پڑنا	سخت بیمار ہونا	وہ چار ماہ سے چارپائی پر پڑا ہوا ہے بہتیرے علاج کر چکا ہے مگر کوئی کارگر نہیں ہوا
چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا	اپنی حیثیت کے مطابق خرچ کرنا طاقت کے مطابق کام کرنا	اچھا اور عقلمند شخص وہی ہے جو اپنی چادر دیکھ کر پاؤں پھیلاتا ہے۔
چار انگلیاں سر پر نہ رکھنا	دست شفقت سر پر نہ رکھنا، کبھی ذرا مہربانی نہ کرنا سلام تک نہ کرنا	اس کے بڑے بھائی نے ہمیشہ چار انگلیاں اس کے سر پر رکھیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ گھر چھوڑ کر چلا گیا۔
چال چلنا	طریقہ اختیار کرنا فریب کرنا	وہ بہت بری چال چلا لیکن کارگر نہ ہوئی۔

چاروں شانے چت گرانا	ایسا گرانا کہ پیٹھ زمین سے لگ جائے	امجد پہلوان نے راجو پہلوان کو چاروں شانے چت گرایا۔
چپڑی اور دو دو	اچھی اور فائدہ	چپڑی اور دو دو نہیں مل سکتیں۔
چراغ تلے اندھیرا	منصف حاکم کے قریب ظلم ہونا مگر یگانوں کو محروم رکھنا	اس قصبہ میں تھانہ ہے لیکن چوری کی وارداتیں روز سننے میں آتی ہیں۔ سچ ہے کہ چراغ تلے اندھیرا ہوتا ہے۔
چکنا گھڑا بننا	نہایت بے حیا ہونا، ایسا بے شرم ہونا، جس پر کوئی اثر نہ ہو	اس زمانے کے چکنے چپڑوں میں تم بھی چکنے گھڑے نہ بنے پھرو۔
چور کی داڑھی میں تنکا	کوئی بات یاد کرا اپنے اوپر سمجھ لینا، قصوروار کو ہر بات سے اپنا شک گزرتا ہے۔	تم ہر بات کو اپنے اوپر کیوں لے لیتے ہو کہیں چور کی داڑھی میں تنکا والی بات تو نہیں۔

ح

محاورات	معانی	جملے
حاتم کی قبر پر لات مارنا	مفلسی میں بھی سخاوت کرنا، حاتم سے زیادہ سخی ہونا	اس کا تو ہم سب کی دعوت کرنا حیران کن ہے۔ آج تو وہ حاتم کی قبر پر بھی لات مار رہا ہے۔
حاشیہ چڑھانا	بات کو بڑھا کر بیان کرنا	انہوں نے اس معمولی سی بات کو اس قدر حاشیہ چڑھا کر بیان کیا کہ وہ بالکل ہی بدظن ہو گئے۔
حجامت بنانا	لوٹنا	وہ راستے میں ٹھگوں کے قابو میں آیا۔ انہوں نے اس کی خوب حجامت بنائی بے چارہ خالی ہاتھ گھر پہنچا۔

WWW.EASYMCQS.COM

حرام کھانا اور شلغم	ذرا سی چیز پر چوری کرنا	بہت سا مال ہاتھ آئے تو لے کر کہیں بھاگ جاؤں اور مزے سے بیٹھ کر کھاؤں۔ ان سود و سو سے کیا بنتا ہے۔ حرام کھانا اور شلغم نام بھی بدنام ہوا اور کام بھی نہ ہو۔
حرف	بدنامی ہونا، عیب لگنا، الزام آنا	تم پر کوئی حرف نہیں آئے گا تم مت پریشان ہو۔
حرامزادے کی رسی دراز	لچا سب سے اونچا، بدمعاش سے سب ڈرتے ہیں	اب تو پورا علاقہ اس سے خوف کھانے لگا ہے سچ ہے حرامزادے کی رسی دراز ہوتی ہے۔
حرکت میں برکت	کام کرنے سے ہی ہوتا ہے	بھائی یونہی ہاتھ پر ہاتھ دھرے رہنے سے کچھ نہ ہوگا چلو اٹھو اور کام کرو کہتے ہیں حرکت میں برکت ہے۔
حلوائی کی دکان اور دادا جی کا فاتحہ	بیگانے مال کو بے دریغ خرچ کرنا	میں نے تم کو پانچ ہزار روپیہ لڑکی کی شادی کے لیے دیا تھا مگر تم نے اس کو فضول کاموں میں خرچ کر دیا ہے۔ وہی مثل ہوئی کہ حلوائی کی دکان اور دادا جی کا فاتحہ۔
حلوے مانڈے سے کام رکھنا	اپنا ہی بھلا چاہنا	اس کو تو اپنے حلوے مانڈے سے کام ہے۔ باقی لوگوں کی تکلیف کی اس کو کوئی فکر نہیں۔
حوض بھرے فوارہ چھوٹے	آمدنی ہو تو خرچ بھی ہوتا ہے	تم اس کی مثال کیوں دیتے ہو۔ اس کے باپ کی آمدنی بھی خوب ہے۔ اس لیے وہ خرچ بھی خوب کرتا ہے سچ ہے حوض بھرے فوارہ چھوٹے۔

خ

محاورات	معانی	جملے
خار کھانا	دشمنی کرنا، حسد کرنا جلنا	وہ میری تعلیمی ترقی کو دیکھ کر خار کھاتا ہے۔
خاطر میں نہ لانا	کچھ پروا نہ کرنا، توجہ نہ دینا	بورڈ میں ٹاپ کرنے کے بعد احمد کسی کو خاطر میں نہیں لاتا۔
خاک کا پیوند ہونا	خاک میں دفن ہونا	ایسی ایسی صورتیں جنہیں لوگ چاند کا ٹکڑا کہتے تھے آج خاک کا پیوند ہو گئیں۔
خاک ہونا	برباد ہونا	بہت سے لوگ عشق کے چکر میں خاک ہو گئے۔

خاک چھاننا	آوارہ گردی کرنا	بہت سے نوجوان ملازمتوں کی تلاش میں دفتروں کی خاک چھانتے پھرتے ہیں۔
خاک ڈالے چاند نہیں چھپتا	کمینے کے کہنے سے اچھا برا نہیں ہو سکتا	کسی کی باتیں بنانے سے کسی کی اچھائیوں پر پردہ نہیں پڑ سکتا بھلا کبھی خاک ڈالنے سے چاند بھی چھپا کرتا ہے۔
خدا خدا کر کے	بڑی مشکل سے	خدا خدا کر کے چائینہ سے ریلوے انجن منگوائے لیکن وہ راستے میں ہی فیل ہو گئے۔ ریلوے کا حال بے حال۔
خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے	صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے	نشہ کرنے والوں کی محفل میں جا کر وہ بھی نشئی بن گیا ہے۔ سچ ہے خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے۔
خس کم جہاں پاک	نالائق آدمی کا مرنا ہی اچھا ہے	اچھا ہوا ہے کہ وہ بدمعاش مر گیا۔ خس کم جہاں پاک کوڑا کرکٹ صاف ہوا صفائی ہو گئی۔
خاک نہ دھول بکائن کے پھول	بالکل نکما اور بیکار، شیخی ہی شیخی ہے اور کچھ بھی نہیں	اس کے بارے میں نہ ہی پوچھو تو بہتر ہے۔ خاک نہ دھول بکائن کے پھول والا مثال ہے اس کی۔

د

محاورات	معانی	جملے
داغ دینا	دکھ دینا، گرم لوہے سے جانوروں کے جسم پر نشان ڈالنا، جلانا	کارگل پر نواز شریف کا امریکہ کے سامنے جھکنا قوم کو ناکامی کا داغ دے گیا۔
دال گلنا	اثر ہونا، کام بننا	تمہاری یہاں دال نہیں گل سکتی۔ کوئی اور ٹھکانہ تلاش کرو۔
دامن پکڑنا	سہارا ڈھونڈنا	وہ ہر ایک کا دامن پکڑتا پھر رہا ہے مگر کوئی اسے سہارا نہیں دیتا۔
دانت پیسنا	غصہ ہونا	آپ کا مجھ پر دانت پیسنا بے فائدہ ہے اس میں میرا کوئی قصور نہیں ہے۔
دبی آگ	پرانے جھگڑوں کو تازہ کرنا	شریف آدمی دبی آگ نہیں خریدتے بلکہ جھگڑوں کو مٹانے کی کوشش کرتے ہیں۔

WWW.EASYMCQS.COM

یا میں رہنا اور مگر مچھ سے بیر	اپنے افسر کے ساتھ بگاڑ کرنا	تمہیں اپنے افسر کی نافرمانی کر کے انہیں مخالف نہیں بنانا چاہیے۔ بھلا دریا میں رہنا اور مگر مچھ سے بیر۔
ں کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ	جس کام کو ایک آدمی نہیں کر سکتا بہت سے مل کر اس کو کر لیتے ہیں۔ اتفاق میں برکت ہے	تم سب مل کر اگر اس غریب کی تھوڑی تھوڑی مدد بھی کر دو تو اس کے لیے گھر پہنچنا آسان ہو جائے گا۔ دس کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ مشہور مثل ہے۔
دھ کا جلا چھاچھ کو بھی تک پھونک کر پیتا ہے	صدمہ اٹھایا ہو ذرا ذرا خیال رکھتا ہے	میں بغیر زیور گروی رکھنے کے آپ کو قرض نہ دوں گا کیونکہ کئی آدمیوں نے مجھ سے قرضہ لیا اور ایک پیسہ تک واپس نہ کیا۔ آپ جانتے ہیں کہ دودھ کا جلا چھاچھ کو بھی پھونک پھونک کر پیتا ہے۔
ر کے ڈھول سہانے	کسی چیز کو دیکھنے پر ایسا اچھا نہ لگنا جیسی ان کی تعریف ہو	میں تو ان کو بڑا نیک خیال کرتا تھا لیکن جب ان کے ساتھ مجھے دو ماہ گزارنے پڑے تو میرا ناک میں دم آ گیا سچ ہے دور کے ڈھول سہانے ہوتے ہیں۔
ں ہاتھ سے تالی بجتی ہے	دونوں گروہ کسی امر کا باعث ہوتے ہیں	صرف اس کی نہیں ضرور تمہاری بھی کچھ غلطی ہوگی کیونکہ دونوں ہاتھ سے تالی بجتی ہے۔

ڈ

محاورات	معانی	جملے
داڑھ گرم کرنا	رشوت لینا	اس پانچ روپے کی مٹھائی سے تو داڑھ بھی گرم نہ ہوگی کم از کم بیس روپے تو خرچ کرو۔
انواں ڈول پھرنا	آوارہ اور بدحال پھرنا	اجنبی دوسرے شہر میں جا کر بوجہ ناواقفیت ڈانواں ڈول پھرتے ہیں۔
نکے کی چوٹ کہنا	اعلانیہ کہنا	میں ڈنکے کی چوٹ پر کہتا ہوں کہ جو شخص خدمت کرے گا مخدوم ہو جائے گا۔
ں مارنا، شیخی بگھارنا	غرور کرنا	یونہی ڈینگیں مارنے سے کیا فائدہ تمہیں اس شہر میں کون جانتا ہے جو جلدی سے تمہارا کام کر دے گا۔
اینٹ کی مسجد چننا	متفق الرائے نہ ہونا، الگ رہنا	دوسروں کا ساتھ دو ڈیڑھ اینٹ کی مسجد چننے کا کیا فائدہ۔

ڈوبتے کو تنکے کا سہارا	مصیبت زدہ کو ذرا سی مدد کافی ہے	اگر آپ ذرا سا اشارہ کر دیں تو یقین کیجئے ڈوبتے کو تنکے کا سہارا مل جائے۔
ڈھاک کے تین پات	مفلس ہونا، غریب ہونا، ترقی نہ کرنا، نامراد	میں نے اس کو بہت سمجھایا مگر نتیجہ وہی ڈھاک کے تین پات نکلا۔
ڈھول کے اندر پول	ظاہری نمود ہے دراصل کچھ نہیں ہے	بھیا! اس کی کیا بات کرتے ہو وہ تو نرا دکھاوا ہے دکھاوا۔ حقیقت میں کچھ نہیں بالکل وہی بات ہے ڈھول کے اندر پول۔
ڈھنڈورا شہر میں لڑکا بغل میں	چیز کا اپنے پاس ہونا اور تلاش کے لئے مارے مارے پھرنا	قلم تمہاری جیب میں ہے اور تلاش پورے گھر میں کر رہے ہو۔ سچ ہے ڈھنڈورا شہر میں لڑکا بغل میں۔
ڈریں لومڑی سے نام دلیر خان	شہرت کے برعکس، بزدلی اور خوف	اتنا بے وقوف اور بزدل شخص میں نے کہیں نہیں دیکھا لیکن باتیں بڑی بڑی کرتا ہے۔ اسی کے لئے تو کسی نے کہا ہے کہ ڈریں لومڑی سے نام دلیر خان۔

ذ

محاورات	معانی	جملے
ذرا سا منہ نکل آنا	کمزور ہونا	خوف یا بیماری کی وجہ سے دبلا ہو جانا چہرے کا اتر جانا۔
اتنا سا منہ نکل آنا	ڈر کر کمزور پڑ جانا	میں نے اس کو ذرا سا دھمکایا تو اس کا ذرا سا منہ نکل آیا۔
ذرا دم باقی ہے	تھوڑا کام باقی ہے	عمارت کے مکمل ہونے میں صرف برآمدوں کی کسر ہے۔ ہاں ہاتھی نکل گیا ہے۔ صرف ذرا دم باقی ہے۔
ذات شریف	بڑے جناب اور مذاقاً شریر اور فتنہ پرواز کو کہتے ہیں، چالاک اور ابن الوقت	یہ وہی ذات شریف ہیں جن کی سارے شہر میں دھوم مچی ہوئی ہے اور ہر کوئی ان کی شکل سے دور بھاگتا ہے۔

WWW.EASYNOTES.COM

ر

محاورات	معانی	جملے
راجا اندر کا اکھاڑہ	عیش وعشرت کا مقام، خوبصورت عورتوں کا ہجوم	الحمرا میں ہونے والا کلچرشو راجہ اندر کا اکھاڑہ بنا نظر آ رہا تھا۔
رات آنکھوں میں کاٹنا	مصیبت میں تمام رات جاگنا	بیٹا چوری کے جھوٹے الزام میں پکڑا گیا ماں نے رات آنکھوں میں کاٹی۔
رال ٹپکنا	کسی چیز کو دیکھ کر منہ میں پانی بھر آنا، لالچ ہونا	میں بازار سے گزر رہا تھا گرم گرم جلیبیاں دیکھ کر میری رال ٹپک پڑی۔
رام کہانی	لمبی چوڑی داستان	اس نے اپنی زندگی کی رام کہانی سنائی جو نہایت دلچسپ تھی۔
راہ دیکھنا	انتظار کرنا	ماں برسوں سے بیٹے کی راہ دیکھ رہی ہے اور بیٹا پردیس میں عیش کر رہا ہے۔
راجا کے گھر موتیوں کا کال	جہاں جس چیز کی کثرت ہو، وہاں وہ چیز نہ ہو تو یہ مثل بولتے ہیں	واہ بھئی واہ کام تو تم بڑھئی کا کرتے ہو اور آری تمہارے پاس ہے نہیں یہ تو وہی مثل ہوئی راجا کے گھر موتیوں کا کال۔
رات تھوڑی سوانگ بہت	کاروبار زیادہ اور فرصت کم ہے	معذرت چاہتا ہوں میں آپ کی پارٹی میں شرکت نہیں کر سکتا کیونکہ رات تھوڑی سوانگ بہت۔
رام رام جپنا پرایا مال اپنا	ظاہر میں پرہیز مگر باطن میں بدکار	عوام غربت سے بے حال ہے اور حکمران جمہوریت کے سائے میں رام رام جپنا پرایا مال اپنا کر رہے ہیں۔
روتے کیوں ہو صورت ہی ایسی ہے	رونی صورت ہے	تم ہر وقت خوش رہا کرو یہ اداس رہنا اچھی بات نہیں ہے تمہاری تو مثال ایسی ہے روتے کیوں ہو صورت ہی ایسی ہے۔
راہ پڑے جانے یا باہ پڑے جانے	آدمی کی اصلیت ہم سفر ہونے پر یا واسطہ پڑنے پر معلوم ہوتی ہے	مجھے کیا معلوم تھا کہ وہ اتنا کمینہ شخص ہے۔ سچ ہے راہ پڑ جانے یا باہ پڑے جانے۔

ز

محاورات	معانی	جملے
زار زار رونا، زار و قطار رونا	بہت رونا	وہ اپنے بیٹے کی موت کی خبر سن کر زار زار روئی۔
زبان پر چڑھنا	تکیہ کلام ہونا، حفظ ہو جانا، ازبر ہونا	آج کے سبق کو میں نے بہت یاد کیا لیکن ابھی تک زبان پر نہیں چڑھا۔
زخم پر نمک چھڑکنا	گھاؤ بڑھانا، تکلیف زیادہ کرنا	میں تو پہلے ہی بڑی تکلیف میں ہوں۔ براہ مہربانی میرے زخموں پر تم نمک نہ چھڑکو۔
زمین آسمان کے قلابے ملانا	مبالغہ کرنا، ڈینگیں مارنا، چالاکی کرنا	صرف زمین و آسمان کے قلابے ملانے سے بات نہ بنے گی۔ مجھے ان سے ملاقات کی کوئی صورت بتاؤ۔
آسمان کی کہتا ہے	سوال دیگر جواب دیگر، پوچھو کچھ بتائے کچھ	مجھے تو اس کے دماغ میں کچھ خلل لگتا ہے اس سے زمین کی پوچھو تو آسمان کی کہتا ہے۔
زبان خلق نقارہ خدا	جو بات خلقت میں مشہور ہو جائے سچ ہو جاتی ہے	آج کل تو ہر شخص یہ کہہ رہا ہے کہ وہ سمگلنگ کا دھندا کرتا ہے جو سچ ہی لگتا ہے کیونکہ زبان خلق نقارہ خدا۔
زبردست کا ٹھینگا سر پر	طاقتور، کمزوروں سے سب کچھ کرا لیتا ہے	مرتا کیا نہ کرتا، مجبوراً مجھے یہ کام کرنا ہی پڑا تم تو جانتے ہی ہو کہ زبردست کا ٹھینگا سر پر۔
زردار کے سب ہیں بے زر کا خدا حافظ	مالدار کے سب دوست ہیں، مفلس کا ذریعہ بجز، خدا تعالیٰ کوئی نہیں ہے	بھائی آج کا دور بڑا خود غرضی کا دور ہے زردار کے سب ہیں بے زر کا خدا حافظ۔
زر نیست عشق ٹیں ٹیں	مفلسی میں عشق نہیں ہو سکتا، مفلسی میں محبت کا مزہ نہیں آتا	عشق و محبت بھی تب ہی اچھا لگتا ہے۔ جب پاس دولت ہو مفلس کیا خاک عشق کرے گا سچ ہے زر نیست عشق ٹیں ٹیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

زلیخا پڑھی پر یہ نہ جانا عورت ہے یا مرد	ان لوگوں کے متعلق کہا جاتا ہے جو بے سوچے سمجھے پڑھتے ہیں	بہت سے لوگ کتابیں تو پڑھ لیتے ہیں مگر اس کا مفہوم سمجھنے سے قاصر رہتے ہیں۔ان کو صرف پڑھنے سے مطلب ہوتا ہے تب ہی تو کہتے ہیں زلیخا پڑھی پر یہ نہ جانا عورت ہے مرد۔

س

محاورات	معانی	جملے
سابقہ پڑنا	واسطہ پڑنا،لین دین ہونا	اگر امجد سے پہلے سابقہ پڑا ہوتا تو میں کبھی اس سے لین دین نہ کرتا۔
سات پردوں میں رکھنا	نہایت حفاظت سے رکھنا	جب وہ دشمن کے خوف سے میرے پاس بھاگا آیا تو میں نے اس کو سات پردوں میں رکھا۔
ساکھ جاتی رہنا	عزت یا اعتبار میں فرق آنا	مقروض کی ساکھ جاتی رہتی ہے۔
سانپ چھاتی پر لوٹنا	حسد اور عداوت سے مضطرب ہونا	میں نے جب اپنے محبوب کو رقیب کے ساتھ ہنس ہنس کر باتیں کرتے دیکھا تو میری چھاتی پر سانپ لوٹنے لگا۔
سبز باغ دکھانا	دھوکا دینا	اس نے ایسے سبز باغ دکھائے وہ پری چہرہ شیشے میں اتر آئی۔
سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے	کام بھی ہو جائے اور کوئی نقصان بھی نہ اٹھانا پڑے،حکمت کے بغیر ہی تکلیف کے مطلب برآری ہونا	میں چاہتا ہوں کہ مقدمہ نہ کروں اور روپیہ وصول ہو جائے تا کہ سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے۔
ساون کے اندھے کو ہرا ہی سوجھتا ہے، ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے	ہمیشہ یکساں حالت رہنا	ہمارا حال کیا پوچھتے ہو دوستو۔ یہاں تو بس وہی حال ہے ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے۔
سب بات کھوئی پہلے دال روٹی	پیٹ کا فکر سب کاموں سے اول ہے	پہلے کھانا کھالیں پھر کام شروع کریں گے۔ سب بات کھوئی پہلے دال روٹی۔ جب تک روٹی نہ ملے کام کس طرح ہو۔

سر منڈاتے ہی اولے پڑنا	شروع ہی میں تکلیف ہونا	ابھی کاروبار نیا نیا شروع کیا تھا کہ اتنا بڑا نقصان ہو گیا اسے کہتے ہیں کہ سر منڈاتے ہی اولے پڑے۔
سودن چور کے ایک دن سادھ کا	چور ایک نہ ایک دن پکڑا ہی جاتا ہے	تم ہر روز کوئی نہ کوئی چیز اٹھا لے جاتے تھے آج پکڑے گئے۔ سودن چور کے ایک دن سادھ کا ہوتا ہے۔

ش

محاورات	معانی	جملے
شرم سے پانی پانی ہونا	نہایت شرمندہ ہونا	میں نے جب اسکو چوری کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا تو وہ شرم سے پانی پانی ہو گیا۔
شش و پنج میں پڑنا	حیرت میں پڑنا،اندیشہ پیدا ہونا	وہ میری باتیں سن کر ایسے شش و پنج میں پڑے کہ بول نہ سکے۔
شعلہ بھبوکا ہونا	لال پیلا ہونا،سخت غصہ ہونا	وہ گالیاں سن کر ایسا شعلہ بھبوکا ہو گیا کہ سنبھالا نہ جا سکا۔ مرنے مارنے کو تیار ہو گیا۔
شکار کرنا	جال میں پھنسانا،قابو میں لانا	میں نے آج ایک اندھے اور گانٹھ کے پورے کا شکار کیا ہے۔ خوب گلچھرے اڑائیں گے۔
شوشہ چھوڑنا	کوئی شرارت کی بات کرنا	نعمان نے دو بھائیوں میں ایسا شوشہ چھوڑا ہے کہ دونوں ایک دوسرے کے جانی دشمن بن گئے۔
شرع میں شرم کیا	لین دین میں لحاظ کی کیا ضرورت	میں اس دکان کا کرایہ ایک ہزار روپے ماہوار لوں گا اور شرع میں شرم کیا۔ لونگا بھی پیشگی اگر آپ چاہیں تو لے سکتے ہیں تحریر کر دیں۔
شیر بکری کا ایک گھاٹ پانی پینا	انصاف و عدل کا دور ہونا	ہارون الرشید کے دور میں شیر بکری ایک گھاٹ پر پانی پیتے تھے۔

WWW.EASYMCQS.COM

شاکر کو شکر موذی کو ٹکڑ	شکر گزار آدمی کو اللہ تعالیٰ ہمیشہ خوشحال رکھتا ہے اور موذی کو تکلیف کے بدلے تکلیف پہنچ جاتی ہے	انسان کو ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ شکر گزار آدمی کبھی تکلیف میں نہیں رہتا۔ سچ ہے شاکر کو شکر موذی کو ٹکڑ۔
شرم والے کے پھوٹے کرم	شرم کرنے والا محروم رہتا ہے	کسی بھی کام میں شرم نہیں کرنی چاہیے کیونکہ کام سے شرمانے والا ہمیشہ محروم رہتا ہے۔ سچ ہے شرم والے کے پھوٹے کرم۔
شیشے میں مینخ نہ رکھیے، لشکر میں شیخ نہ رکھیے	مینخ تھیلے کو پھاڑ دیتی ہے اور شیخ جنگ کے موقع پر بزدلی دکھاتا ہے	کیلوں کو تھیلے میں نہیں رکھنا چاہیے کیونکہ یہ تھیلے کو پھاڑ دیتی ہے۔ کیا خوب مثل ہے شیشے میں مینخ نہ رکھیے۔ لشکر میں شیخ نہ رکھیے۔

ص

محاورات	معانی	جملے
صاحب سلامت ہونا	جان پہچان ہونا	آج کل تو صاحب سلامت ہی بہتر ہے وگرنہ دوست تو دوستوں کا شکار کر رہے ہیں۔
صدقے جانا	قربان ہونا، واری جانا	بیٹا! میں تم پر صدقے جاؤں کیوں روتے ہو؟ بتاؤ تو سہی۔
صلواتیں سنانا	گالیاں دینا، کوسنا	بڑھیا نے ان کو وہ صلواتیں سنائیں کہ الحفیظ الامان۔ لوگوں نے اپنے کانوں میں انگلیاں دے لیں۔
صاف اڑا جا	بالکل ٹال دینا	میں تو سخت پریشان ہوں۔ وہ میری ہر بات صاف اڑا جاتا ہے۔
صبر کی سل چھاتی پر رکھنا	صبر کرنا، صبر کی توفیق ہونا	وہ اتنا نقصان برداشت تو نہیں کر سکتا تھا مگر بڑی مشکل سے اس نے صبر کی سل چھاتی پر رکھ لی۔
صبح کے بھولے کا شام کو گھر آنا	تکالیف اور مصائب برداشت کر کے پھر راہ راست پر آنا	صبح کا بھولا اگر شام کو گھر واپس آ جائے تو اسے بھولا نہیں کہنا چاہیے۔

صورت نہ شکل بھاڑ سے نکل	بدصورت عورت	یہ عورت کس حسن پر اتراتی ہے؟ شاید اس نے کبھی آئینہ میں نہیں دیکھا۔ صور نہ شکل بھاڑ میں سے نکل۔
صبح کی بوہنی اللہ کی آس	صبح صبح اچھی بکری ہو جائے تو سارا دن خدا کے فضل سے اچھی امید رہتی ہے	جانے دے یار صبح صبح ادھار لینے چلا آیا۔ کیا تو نہیں جانتا صبح کی بوہنی ا آس جا ذرا ٹھہر کے آنا۔
صاف رہ بے باک رہ	بالکل ٹال دینا	انجم کاروبار میں کسی کا پیسہ اپنے پاس نہیں رکھتا۔ اس کو کہتے ہیں صاف رہ باک رہ۔
صندرہ پڑھ کر احمق رہے	منطق پڑھ کر بھی عقل نہ آئی، منطق کی ایک کتاب ہے	اتنا پڑھنے لکھنے کے باوجود بھی تم انتہائی بیوقوفی کی باتیں کرتے ہو۔ یہ کمال بات نہیں تو اور کیا ہے کہ تم صندرہ پڑھ کر بھی احمق رہے۔

ض

محاورات	معانی	جملے
ضرب المثل ہونا	کہاوت کی طرح مشہور ہونا، بہت زیادہ مشہور ہونا	لومڑی کی مکاری اور کوے کی ہوشیاری ضرب المثل ہے۔
ضد کا پورا ہے	ہٹ نہیں چھوڑنا	میں نے تم سے پہلے ہی کہا تھا کہ وہ نہیں مانے گا کیونکہ وہ اپنی ضد کا پورا ہے۔
ضرب اٹھانا	نقصان اٹھانا، گھاٹا کھانا، صدمہ گوارا کرنا	میں پہلے ہی سخت ضرب اٹھا چکا ہوں۔ اب میں یہ کام نہیں کروں گا۔
ضرب کی تاب نہ لانا	وار برداشت نہ کرنا	ٹرک کی ٹکر سے وہ بے انتہا زخمی ہو گیا اور ضربوں کی تاب نہ لا کر بے ہوش ہو گیا
ضد باندھنا	بہت ہٹ کرنا، کسی بات پر اڑ جانا	میں تو اسے سمجھا سمجھا کر تنگ آ گیا ہوں مگر اس نے بھی ضد باندھ لی ہے کہ کرا ضرور جائے گا۔
ضیق میں آنا، ضیق میں جانا	عاجز آنا، مشکل میں پھنسنا، تنگ ہونا، وقت پڑنا	میں تو اس کی باتوں سے ضیق میں آ گیا ہوں وہ ہے کہ میرے جان چھوڑتا نہیں۔

WWW.EASYMCQS.COM

ضرورت کے وقت گدھا بھی باپ ہوتا ہے	مصیبت کے وقت ادنی اور کمینے لوگوں کی خوشامد کرنی پڑتی ہے	اپنی انا کا مسئلہ نہ بناؤ اور اس سے درخواست کر کے دیکھ لو تم تو جانتے ہی ہو کہ ضرورت کے وقت گدھا بھی باپ ہوتا ہے۔
ضامن نہ ہوئے باپ کا، ہے ضامنی گھر پاپ کا	خواہ کوئی کیسا ہی کیوں نہ ہو ضمانت ہرگز نہیں دینی چاہیے کیونکہ ضمانت خرابی کی جڑ ہے	نا بھئی نا! میں اس چکر میں نہیں پڑوں گا۔ میں پہلے ہی ایک شخص کی ضمانت دے کر پچھتا رہا ہوں۔ مجھے بہت شرمندگی اٹھانا پڑی ہے۔ کہتے ہیں ضامن نہ ہوئے باپ کا۔ ضامن گھر پاپ کا۔
ضرورت ایجاد کی ماں ہے	جب ضرورت ہو تو آدمی کچھ نہ کچھ انتظام کر لیتا ہے	کوے نے گھڑے میں کنکریاں ڈال کر پانی کی سطح بلند کی۔ اپنی پیاس بجھائی اور اڑ گیا اسی کو کہتے ہیں ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔
ضامن نہ ہو جیے، گرہ سے دیجئے	گرہ سے دینے میں کوئی حرج نہیں لیکن ضامن بننے میں خرابی ہے	بھائی اگر آپکو کسی بھی چیز کی ضرورت ہے تو وہ میں دے سکتا ہوں مگر ضمانت ہرگز نہ دوں گا مثل مشہور ہے ضامن نہ ہو جیے گرہ سے دیجئے۔

ط

محاورات	معانی	جملے
طاق ہونا	کسی کام میں یکتائے زمانہ ہونا، ماہر ہونا	وہ تو ہر فن میں طاق ہے۔
طبیعت آنا	عاشق ہونا، محبت کرنا، شوق ہونا	بظاہر تو اس میں کوئی ایسی بات نظر نہیں آتی لیکن نہ جانے کیوں اس پر میری طبیعت آ گئی ہے۔
طرح دینا	بے پروائی کرنا، چشم پوشی کرنا	میں اس کی غلطیاں دیکھتا ہوں لیکن طرح دے دیتا ہوں۔
طشت از بام کرنا	راز فاش کرنا	اگر تم اپنے کرتوتوں سے باز نہ آئے تو میں تمہارے سارے راز طشت از بام کر دوں گا۔
طفل مکتب ہونا	ناتجربہ کار ہونا	تم ابھی طفل مکتب ہو تم سے یہ کام سرانجام نہ ہو سکے گا۔

طویلے کی بلا بندر کے سر	بہت سے لوگوں کی بلا یا مصیبت ایک معمولی آدمی پر پڑ جانا، قصور اور لوگ کریں اور مارا جائے کوئی اور	راولپنڈی میں چند شر پسندوں نے مل کر بلوہ کرا دیا لیکن حکومت نے چند وکیلو کو گرفتار کر لیا۔ سچ ہے طویلے کی بلا بندر کے سر پڑی۔
طاق پر بیٹھا الو بھر بھر مانگے چلو	ایسے کمینے کے متعلق کہتے ہیں جو اپنے سے بہت تجربہ کار آدمیوں پر حکم چلائے	چاہے کچھ ہو جائے میں اس کی ایک بات بھی نہیں مانوں گا اس کی مثال تو ایسے طاق پر بیٹھا الو بھر بھر مانگے چلو۔
طالب زر خر طالب مولی اولیٰ	دولت کا طلبگار، بے وقوف گدھا جبکہ خدا کا طالب سے بہتر ہوتا ہے	وہ دولت کی ہوس میں خدا کو بھول چکا ہے شاید نہیں جانتا کہ طالب زر اور طالب مولیٰ اولیٰ ہوتا ہے۔

ظ

محاورات	معانی	جملے
ظلم ٹوٹنا	آفت آنا	اس بے گناہ پر قید خانے میں وہ ظلم ٹوٹا ہے کہ الامان والحفیظ۔
ظلم ڈھانا	ظلم و ستم کرنا، زیادتی کرنا	وہ ہم پر اپنی بے رخی سے جتنے بھی ظلم ڈھائے لیکن ہم راہ عشق میں لڑکھڑا والے نہیں۔
ظلمت کا دامن پھیلنا	سب طرف اندھیرا پھیلنا	میں اس وقت نہیں جاؤں گا۔ اب تو رات نے بھی ظلمت کا دامن ہر طرف پھ دیا ہے۔
ظالم کی رسی دراز ہے	ظالم کا زور ہے	وہ اپنے ظلم و ستم سے باز نہیں آتا۔ خدا نے ظالم کی رسی کتنی دراز کر رکھی ہے۔
ظاہر رحمان کا باطن شیطان کا	وہ شخص جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب	وہ ہر وقت ہاتھ میں تسبیح لیے پھرتا ہے اور ناجائز کاروبار کرتا ہے۔ سچ ہے ظ رحمان کا اور باطن شیطان کا۔
ظالم کی داد خدا کے گھر	زبردست کا انصاف خدا ہی کرے گا	ہمارے ساتھ جو ظلم اور ناانصافی ہوئی ہے اس کا بدلہ تو خدا ہی لے گا کہتے ہیں ظالم کی داد خدا کے گھر۔

WWW.EASYMCQS.COM

ظلم کرے نیک بخت برگ بھرے	ظالم ظلم کرتا ہے اور نیک بخت نیکی کا کام کرتا ہے	ان دونوں بھائیوں میں کتنا تضاد ہے۔ ایک تو ہر ایک سے زیادتیاں کرتا ہے اور دوسرا کسی سوالی کو اپنے در سے خالی نہیں جانے دیتا۔ اس کو کہتے ہیں ظالم ظلم کرے اور نیک بخت برگ بھرے۔
کی آنکھیں اور ہیں ن کی آنکھیں اور	دل کی سوجھ بوجھ ان آنکھوں سے جدا ہے	آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے ضروری نہیں کہ دل بھی اسے قبول کر لے کیونکہ ظاہر کی آنکھیں اور ہیں باطن کی آنکھیں اور
کا نرم باطن کا سخت	دیکھنے میں دل موم ہے مگر سنگ دل ہے	اس کی باتوں سے نرمی ضرور چھلکتی ہے مگر وہ سخت پتھر دل انسان ہے۔ اسی کو کہتے ہیں ظاہر کا نرم باطن کا سخت۔

ع

محاورات	معانی	جملے
ت کے بوریے سمیٹنا	لالچ کے مارے بڑھا ہو کر مرنا، بہت مدت جینا، لمبی عمر پانا	زندگی اور موت تو خدا کے ہاتھ میں ہے کوئی جوانی میں ہی دغ مفارقت دے جاتا ہے کوئی عاقبت کے بورے سمیٹتا ہے۔
عذاب مول لینا	خواہ مخواہ تکلیف میں پڑنا	وہ اپنی حرکتوں سے باز نہیں آتا۔ ہم نے اس کو اپنے پاس رکھ کر خواہ مخواہ کا عذاب مول لے لیا ہے۔
عرش پر اڑانا	بڑی قدر کرنا، بڑی تعریف کرنا	جو لوگ آج کل آپ کو عرش پر اڑاتے ہیں وہ ہی کل زمین پر اتاریں گے۔
عرش پر دماغ ہونا	مغرور ہونا	دولت کی وجہ سے اس کا دماغ عرش پر ہے اور وہ نہیں سمجھتا کہ زندگی چند روزہ ہے اور دولت ڈھلتی چڑھتی چھاؤں۔
عرق عرق ہونا	پسینہ پسینہ ہونا، شرمندہ ہونا	اس کی بات سن کر میں عرق عرق ہو گیا اور آئیں بائیں شائیں ہانکنے لگا۔
عزت اتارنا	بے عزتی کرنا، رسوا و ذلیل بان دینا	جن لوگوں کو اپنی عزت کا پاس نہیں وہ دوسرے کی عزت اتار دیتے ہیں۔
ل بڑی کہ بھینس	خوش تدبیری اچھی ہے	یہ کام تم نے بے سوچے سمجھے کیا ہے اگر اس کام کو تم سمجھ کر کر لیتے تو کتنا بہتر ہوتا۔ سچ ہے کہ عقل بڑی کہ بھینس

عید کے پیچھے چاند مبارک	تہوار گزر جانے پر مبارک دینا، موقع گنوا کر کسی کام کا کرنا	بھائی اب وقت گزر چکا ہے لہذا اس کام کو کرنے کا کوئی فائدہ نہیں آپ کی تو وہی مثال ہے عید کے پیچھے چاند مبارک۔
عرصہ سے نہ ہڑ ہڑ نہ کھڑ کھڑ	مدت سے امن ہے	جب سے یہ موجودہ حکمران آیا ہے ملک میں سکون ہو گیا ہے۔ اب تو عرصہ سے نہ ہڑ ہڑ ہے نہ کھڑ کھڑ۔
عشق کے کوچے میں شاہ گدا برابر ہیں	عشق میں امیر و غریب کا کوئی فرق نہیں رہتا	لوگ کہتے ہیں کہ عشق و محبت امیروں کا کام ہے لیکن ایسا نہیں ہے۔ عشق کے کوچے میں شاہ و گدا برابر ہیں۔

غ

محاورات	معانی	جملے
غبار نکالنا	بدلہ نکالنا، دل کی آگ بجھانا	تم تو ابھی سے گھبرا گئے ہو ابھی تو میں نے دل کی بات کی ہے غبار تو نکالا ہی نہیں۔
غصہ پی جانا، غصہ مارنا، غصہ تھوک دینا	دل کے طیش کو ضبط کرنا، خفگی کو روکنا	دوست! ابھی غصہ تھوک دو جو ہونا تھا وہ تو ہو چکا۔
غضب ڈھانا، غضب توڑنا	سخت غصے ہونا، فساد کھڑا ہونا	تم نے اس کی حق تلفی کر کے غضب ڈھایا ہے۔ خدا تمہیں معاف نہیں کرے گا۔
غفلت کا پردہ پڑنا	بے خبر و بیہوش ہونا، غافل ہو جانا	اس کی آنکھوں پر اس قدر غفلت کا پردہ پڑ گیا ہے کہ دولت ضائع کرنے سے باز ہی نہیں آتا۔
غم خواری کرنا	ہمدردی کرنا، دکھ میں شریک ہونا	آپ یوں میری غم خواری نہ فرمائیں اس سے میرے دل کی آگ اور بھڑکتی ہے۔
یب کی جورو سب کی بھابی	غریب کو ہر کوئی برا بھلا کہہ دیتا ہے، غریب کا زور کسی پر نہیں ہوتا	میں کیا اور میری بساط کیا جس کا جو جی چاہتا ہے کہہ دیتا ہے میری تو وہی مثل ہے غریب کی جورو سب کی بھابھی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

غریبوں نے روزے رکھے دن بڑے آئے	جو ذرا مصیبت نہ اٹھا سکتے تھے ان پر اور مصیبت آئی، غریب کا عمدہ کام بھی برا ہوتا ہے	ہم نے یہ چھوٹا سا کام کیا شروع کیا ہر طرف سے مشکلات ہی میں گھر گئے۔ سچ ہے غریبوں نے روزے رکھے دن بڑے آئے۔
غرض کا باؤلا اپنی گاوے	غرض مند اپنی بات کی دھن رکھتا ہے	تمہاری اس سے ناراضگی نامناسب ہے۔ اس کے بیٹے کی نوکری کا مسئلہ ہے۔ وہ بار بار اگر تم سے کہتا ہے تو کیا غلط ہے تم اس کا یہ کام کر سکتے ہو۔ تمہیں تو معلوم ہی ہوگا غرض کا باؤلا اپنی گاوے۔
غرض نکلی آنکھ بدلی	مطلب نکلنے جانے کے بعد پرواہ نہ کرنا	میں تمہارے جیسے مطلبی دوستوں کو بہت اچھی طرح جانتا ہوں۔ جب مطلب پورا ہو جاتا ہے تو نظر بھی نہیں آتے۔ تمہاری تو وہی مثال ہے غرض نکلی آنکھ بدلی۔
غیر کی بدشگونی کے واسے اپنی ناک کٹائی	کسی کو برا کہنے کے واسطے اپنا نقصان کرنا	مجھے کیا معلوم تھا کہ تم غصے میں اتنے پاگل ہو جاؤ گے اور اس کی برائی کی خاطر اتنا نقصان کر لو گے۔ تمہاری تو وہی مثال ہے غیر کی بدشگونی کے واسطے اپنی ناک کٹائی۔

ف

محاورات	معانی	جملے
فاختہ اڑانا	مزے لوٹنا، عیش و عشرت کرنا	وہ زمانہ گیا جب خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے۔
فاتحہ پڑھنا	مردوں کی روح کے لیے نیک دعا مانگنا، بخشش کی دعا مانگنا، کسی شے سے نا امید ہونا	میں اپنی ماں کی قبر پر فاتحہ پڑھنے کے لئے گیا۔
فرائے لینا (بھرنا)	تیز دوڑنا، جلدی پڑھنا	ہرن شکاری کے ہاتھ نہیں آئے گا کیونکہ وہ فرائے بھر رہا ہے۔ آہستہ آہستہ پڑھو، فرائے بھرنے سے مطلب سمجھ میں نہیں آتا۔

فرشتوں کو خبر نہ ہونا	کانوں کان خبر نہ ہونا	وزیر خزانہ نے اس چالاکی سے ڈالر کی قیمت کم کی کہ امریکہ کے فرشتوں کو بھی خبر نہ ہوئی۔
فق ہونا	چہرے کا رنگ جاتے رہنا، حیران و سرگرداں ہونا	پولیس کو دیکھتے ہی چور کا رنگ فق ہو گیا۔
فاتحہ نہ درود کھانے کو موجود	بغیر محنت مشقت کچھ مانگنا	تم کوئی کام وغیرہ کیوں نہیں کرتے جب دیکھو ہاتھ پھیلائے کھڑے رہتے ہو۔ تمہاری بھی خوب رہی۔ فاتحہ نہ درود کھانے کو موجود۔
فالودہ کھاتے دانت ٹوٹے تو بلا سے	اگر آسان کام کرتے ہوئے بھی جی گھبرائے تو بلا سے اگر بھلائی میں بھی برائی ہو تو ہوا کرے	کسی سے کیا ہمدردی کی جائے میں نے اس کے ذمہ اتنا آسان کام لگایا ہے مگر وہ اسے کرتے ہوئے بھی گھبرا رہا ہے۔ اب اور میں کچھ نہیں کر سکتا صرف یہی کہہ سکتا ہوں کہ فالودہ کھاتے دانت ٹوٹے تو بلا ہے۔
فتح تو خدا کے ہاتھ ہے پر مار مار تو کیے جاؤ	کوشش کیے جاؤ، خدا کامیابی دے گا	انسان کو کسی بھی کام کے لئے مسلسل کوشش کرتے رہنا چاہیے۔ انشاء اللہ ایک نہ ایک دن ضرور وہ کامیاب ہوگا۔ سچ ہے فتح تو خدا کے ہاتھ ہے پر مار مار تو کیے جاؤ۔
فقیر اپنی کملی میں ہی مست ہے	غریب آدمی اپنے تھوڑے سامان میں ہی خوش ہے	بھائی صاحب! ہم نے کسی سے کیا لینا اور کسی کو کیا دینا۔ فقیر تو بس اپنی کمل میں ہی مست ہے۔
فقیرنی کا پوت چلن امیروں کا	جو آدمی غریبی میں امیروں کی سی نمود رکھے اس کی نسبت بولا جاتا ہیں۔	گھر میں بعض اوقات کھانے کو بھی نہیں ہوتا اور وہ دوسروں کی دعوتیں ہوٹلوں میں کرتا ہے۔ اس کو کہتے ہیں فقیرنی کا پوت چلن امیروں کا۔

ق

محاورات	معانی	جملے
قابو چڑھنا	کسی کے بس میں پڑنا	اگر تم کبھی میرے قابو چڑھو گے تو تمہارے دانت خوب کھٹے کروں گا۔
قارورہ ملنا	گہری محبت ہونا	ان دونوں کے قارورے ایسے ملے ہیں کہ ایک گھڑی بھی جدا نہیں رہ سکتے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

قافیہ تنگ کرنا (ہونا)	تنگ کرنا (ہونا)، دق کرنا (ہونا)	اس نے قرض مانگ مانگ کر میرا قافیہ تنگ کر دیا ہے۔
قبر کے مردے اکھیڑنا	پرانے جھگڑوں کو تازہ کرنا، مردوں کی عیب جوئی کرنا	جو ہونا تھا سو ہو گیا۔ اب جانے دو قبر کے مردے کیوں اکھیڑ رہے ہو۔
قدم رنجہ فرمانا	تشریف لانا	آپ کی بڑی مہربانی آپ نے قدم رنجہ فرمایا۔
قاضی جی دبلے کیوں شہر کے اندیشہ سے	بے موقعہ اور ناحق فکرمند رہنے والے کی نسبت بولتے ہیں	آپ اس کے بارے میں کیوں فکر کرتے ہیں اپنے کام کی طرف توجہ دیں آپ کی تو وہ مثال ہے قاضی جی دبلے کیوں شہر کے اندیشہ ہے۔
قہر درویش بر جان درویش	غریب کا غصہ اپنی جان پر	مجھے یہ گفتگو نہایت ناگوار گزری مگر قہر درویش بر جان درویش۔ خون جگر پی کر خاموش ہو گیا۔
قدر الولی الولہی جانتا ہے ہما کو کب چغد پہچانتا ہے	اہل کمال کے قدردان ناقدشناس نہیں ہوتے ہیں	میں اس شخص کے ساتھ جو اتنا وقت گزارتا ہوں تو اس میں کوئی بات ہے نا تم کیا جانو کہ بڑے لوگوں کی قدر کس طرح کی جاتی ہے۔ سچ ہے قدر الولی الولہی جانتا ہے۔ ہما کو چغد کب پہچانتا ہے۔
قاضی جی کی لونڈی مری سارا شہر آیا، قاضی جی مرے کوئی نہ آیا	لحاظ دار کے باعث اس کے غلاموں کی بھی عزت ہوتی ہے، لحاظ دار مر جائے تو کوئی نہیں پوچھا مراد یہ ہے کہ دنیا منہ دیکھنے کی یار ہے	آج کل تو ہر کام دکھاوے کے لئے کیا جاتا ہے یا بڑے لوگوں کو خوش کرنے کے لئے وگرنہ کون کسی کو پوچھتا ہے۔ سچ ہے قاضی جی کی لونڈی مری سارا شہر آیا۔ قاضی جی مرے کوئی نہ آیا۔
قاضی جی کے مرنے سے کیا سارا شہر سونا ہو جائے گا	کسی کے نہ ہونے سے کوئی کام نہیں رکتا	تمہیں کیوں اپنے کام کی پڑ گئی ہے۔ آخر فیکٹری کا مالک مرا ہے دو ایک دن تو لگیں گے پھر فیکٹری کھل جائے گی یہ تھوڑا ہے کہ فیکٹری بھی ہمیشہ کے لیے بند ہو گئی ہے۔ تم نے سنا نہیں کہ قاضی جی کے مرنے سے کیا سارا شہر سونا ہو جائے گا۔

ک

محاورات	معانی	جملے
کاٹ کرنا	زخمی کرنا، اثر کرنا، یہ کلہاڑی بہت کم کاٹ کرتی ہے	میری نصیحت نے اس پر کچھ کاٹ نہ کی۔
کانٹ چھانٹ کرنا	ردوبدل کرنا، تراش خراش کرنا، غبن کرنا	میری اس کتاب کے مسودے کو انہوں نے کانٹ چھانٹ کر پریس میں بھیج دیا ہے۔
کاغذ کا گھوڑا	لنگڑے آدمی کی لاٹھی	نعیم بہت شرارتی ہے۔ اس نے اس لنگڑے آدمی کا گھوڑا کہیں چھپا دیا اور بہت تنگ کر کے اسے واپس کیا تب وہ اپنے گھر جانے کے قابل ہوا ہے۔
کافور ہونا	اڑ جانا، غائب ہونا، بھاگ جانا	ریلوے سٹیشن سے کوئی شخص میرا بیگ لے کر کافور ہو گیا۔
...ی پیلی آنکھیں کرنا	نہایت غصے ہونا	کس قصور کے بدلے مجھ سے کالی پیلی آنکھیں کرتے ہو؟
...ہ کی ہانڈی ایک بار چڑھتی ہے	جھوٹ، دغابازی اور فریب ایک دفعہ ہی چل سکتا ہے	تم نے مجھ سے بہت سا روپیہ دھوکا سے لے لیا ہے لیکن اب میں تمہارے قابو میں آنے کا نہیں۔ کاٹھ کی ہنڈیا ایک بار ہی چڑھتی ہے۔
...ی ناؤ سدا نہیں بہتی	بے ثبات اور ناپائیدار چیز قائم نہیں رہ سکتی، جھوٹ ہمیشہ نہیں چلتا، ہر وقت دھوکا کام نہیں دے سکتا	اس کے خیال میں اس کی کاغذ کی ناؤ سدا بہتی رہے گی مگر ایسا ممکن نہ ہو سکا اور لوگوں نے اُس پر اعتبار کرنا ختم کر دیا۔
...لے کے آگے چراغ نہ جلنا	زبردست سے کوئی پیش نہیں چلتی	تم اس سے ٹکر مت لو گھاٹے میں رہو گے بھلا کالے کے آگے کبھی چراغ جلا ہے؟

WWW.EDUSOW.COM

کام پیارا ہے نہ کہ چام	انسان کی قدر و منزلت اس کے کاموں سے ہوتی ہے نہ کہ شکل و صورت سے	میں رشید صاحب کی بے حد عزت کرتا ہوں کیونکہ وہ بہت محنتی اور دیانتدار شخص ہیں آپ تو جانتے ہیں کہ ہمیں کام پیارا ہے نہ کہ چام۔
کبھی کے دن بڑے کبھی کی راتیں	زمانہ کا حال ہمیشہ یکساں نہیں رہتا	تم نے جو زیادتیاں کرنی ہیں کر لو لیکن یاد رکھو کبھی کے دن بڑے اور کبھی کی راتیں کل میری بھی باری آئے گی پھر شکایت مت کرنا۔

گ

محاورات	معانی	جملے
گاڑھی چھننا	آپس میں محبت ہونا، خوب نشہ ہونا	ان دنوں دونوں میں ایسی گاڑھی چھن رہی ہے کہ وہ پل بھر بھی جدائی گوا نہیں کر سکتے۔
گت بنانا	خوب مار پیٹ کرنا، سزا دینا	جب اس نے شرارت کی تو میں نے اس کی خوب گت بنائی۔
گردن پر خون سوار ہونا	کسی کو قتل کرنے کا جرم نہ چھپ سکنا	آخر کار پولیس کے سپاہیوں نے اس کا پتہ لگا لیا۔ اس کی گردن پر تو خون سو تھا۔
گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا	ایک حال پر نہ رہنا، خوف یا غصہ کے باعث چہرے کا رنگ بدل جانا	اس شخص پر اعتبار کرنا فضول ہے کیونکہ وہ ہمیشہ گرگٹ کی طرح رنگ بدلتا ہے۔
گرہ ڈالنا	دو شخصوں کے درمیان نفرت ڈالنا، نفاق ڈالنا	اس نے دو شخصوں کے درمیان ایسی گرہ ڈالی جو کھل نہیں سکتی۔
گانٹھ کا پورا	دولت مند	چودھری صاحب گانٹھ کے پورے ہیں غریبوں کی بوقت ضرورت مدد کر ہیں۔
گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے	گھر کا راز دار بڑی بڑی آفتیں برپا کر دیتا ہے	اعتبار کی بے اعتنائی کا ذکر نہیں گھر کے بھیدیوں نے وہ لنکا ڈھائی کہ چھڑا دیئے

گھڑی میں گھڑیالے	ہر وقت مزاج کی تبدیلی ہوتے رہنا، آفت نا گہانی کا نزول ہونا	اس کی بات پر بھروسہ نہ کرو وہ تو گھڑی میں گھڑیال ہو جاتا ہے۔
گدھا کیا جانے زعفران کا بھاؤ	بے وقوف آدمی صاحب جامہ منصب کی قدر و منزلت نہیں جان سکتا	ارے بھائی تم تو ناحق پریشان ہوتے ہو۔ وہ تو تمہارے بارے میں کچھ نہیں جانتا وہ تو نرا احمق ہے۔ تمہیں تو معلوم ہی ہے کہ گدھا کیا جانے زعفران کا بھاؤ۔
گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں	وقت کو غنیمت جاننے کے موقع پر بولتے ہیں	تمہیں جو کچھ کرنا ہے فوراً کر لو۔ سوچنا فضول ہے تم تو جانتے ہی ہو کہ گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں۔

ل

محاورات	معانی	جملے
لاتوں کا بھوت باتوں سے نہیں مانتا	شریر اور بدمعاش آدمی بغیر مار پیٹ کے راہ راست پر نہیں آتا	لاتوں کے بھوت باتوں سے کب مانتے ہیں ان کو خوب سزا دے کر راہ راست پر لاؤ۔
لاکھ کا گھر خاک کرنا	تمام مال و متاع برباد کر دینا	وہ ایسا نالائق نکلا کہ نشہ پی پی کر اپنے باپ کا لاکھ کا گھر خاک کر دیا۔
لالے پڑنا	خطرہ ہونا، فکر ہونا	ہم نے ٹھیکیدار کے خلاف گواہی کیا دے دی ہمیں تو اپنی جان کے لالے پڑ گئے ہیں۔
بغل میں ڈھنڈورا شہر میں	چیز اپنے پاس ہونا اور ڈھنڈورا شہر میں جا کر دینا	کتاب اس کے بستے میں تھی اور ڈھنڈورا پورے گھر میں ہو رہا تھا۔ یہ تو وہی بات ہوئی کہ بچہ بغل میں ڈھنڈورا شہر میں۔
لگائی بجھائی کرنا	چغلی کرنا، فساد ڈلوانا	لگائی بجھائی کرنا تو فیروز کی عادت ہے۔ وہ اس عادت سے باز نہیں آ سکتا۔
لگا تو تیر نہیں تو تکا	کام بن گیا تو بہتر ورنہ دل میں حسرت تو نہ رہے گی	آج میں اس کے پاس ضرور جاؤں گا کوشش کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ لگا تو تیر نہیں تو تکا۔

لہولگا کر شہیدوں میں ملنا	بغیر قربانی کرنے کے شہید بننا، ذرا سا کام کر کے اپنے آپ کو بڑا کام کرنے والوں میں سمجھنا	بعض نکمے لوگوں کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ بھی لہولگا کر شہیدوں میں مل جائیں۔
لکھے موسیٰ پڑھے خدا	خراب لکھا ہوا، پوشیدہ بات	تمہاری تحریر کی تو یہ حالت ہے کہ لکھے موسیٰ پڑھے خدا۔ صاف صاف لکھا کرو پڑھا بھی جائے۔
لاٹھی ٹوٹے نہ بانس پھوٹے	نرمی سے کام نکالنا، جس سے کسی کا نقصان نہ ہو	ہمیشہ ایسا کام کرو کہ کسی کی دل شکنی نہ ہو اور نہ کسی کا نقصان ہو۔ کہتے ہیں لاٹھ ٹوٹے نہ بانس پھوٹے۔
لڈو کہے سے منہ میٹھا نہیں	صرف باتوں اور چاپلوسی سے کام نہیں بنا کرتا، کچھ خرچ بھی کرنا پڑتا ہے	ہم تو آپ کی شاندار کامیابی پر آپ کو مبارک باد پیش کرنے آئے ہیں۔ خ خولی باتوں سے کام نہیں چلے گا۔ فوراً ایک زبردست پارٹی کا بندوبست کریں لڈو کہے سے منہ میٹھا نہیں ہوتا۔

م

محاورات	معانی	جملے
مات کرنا	حیران کرنا، شکست دینا، مغلوب کرنا	اس رنگ نے تو دوسرے تمام رنگوں کو مات دے دی ہے۔
مارے مارے پھرنا	آوارہ گردی کرنا، مفلس ہونا	آج کل بہت سے نوجوان نوکری کی تلاش میں مارے مارے پھر رہے ہیں
مٹھی گرم کرنا	رشوت لینا یا دینا	آج کل تو جس نے افسروں کی مٹھی گرم کی اس کا کام بن گیا۔
منہ پر ہوائیاں اڑنا (چھوٹنا)	چہرے کا رنگ اڑ جانا، حیران ہونا	کیا بات ہے؟ تمہارے منہ پر ہوائیاں کیوں اُڑ رہی ہیں؟
مانگ تانگ کر کام چلانا	اِدھر اُدھر سے قرض وغیرہ لے کر گزارہ کرنا، قرض دام لے کر اپنا کام نکالنا	آج کل میرا کاروبار تو بالکل بند ہے۔ بس مانگ تانگ کر کام چلا رہا ہوں۔

مال مفت دل بے رحم	بیگانہ یا بغیر کوشش کے حاصل کیا ہوا مال بے دریغ اڑانا	اس کی تو مثال آج کل مال مفت دل بے رحم والی ہے۔ وہ تو دونوں ہاتھوں سے مال خوب لٹا رہا ہے۔
مان نہ مان میں تیرا مہمان	بلا مرضی کسی کی محفل میں شریک ہونا یا اس کی بات میں دخل دینا	وہ تو بن بلائے ہر محفل میں چلا جاتا ہے۔ اس کا تو مان نہ مان میں تیرا مہمان والا حساب ہے۔
مدعی ست گواہ چست	صاحب معاملہ کا کوشش نہ کرنا لیکن غیروں کا اس کے حق میں ثابت کرنے کی کوشش کرنا	ہم تو اس کے حق میں بیان دینے کے لیے چھٹی کر کے عدالت میں جاتے ہیں اور وہ عدالت میں پیش ہی نہیں ہوتا یہ تو ایسا ہی ہے مدعی ست گواہ چست۔
مرغی کی وہی ایک ٹانگ	بہت ضدی آدمی کی بابت بولتے ہیں یا کسی بے جا بات پر اڑ جانے کے موقع پر بولتے ہیں	میں نے تو بہت کوشش کی کہ وہ میری بات مان لے مگر وہاں تو مرغی کی وہی ایک ٹانگ کسی صورت مانتا ہی نہیں۔
مفت کی شراب قاضی کو حلال	مفت کی چیز میں جائز ناجائز کا خیال نہیں رہتا	تم کہتے ہو تو ہم کھا لیتے ہیں ویسے مفت کی شراب تو قاضی کو بھی حلال ہوتی ہے۔

ن

محاورات	معانی	جملے
ناچ نچانا	حیران و پریشان کرنا، دکھ دینا	اس نے مجھ کو ایسا ناچ نچایا ہے کہ میں ساری عمر یاد رکھوں گا۔
ناخن گوشت سے جدا ہونا	مشکل کام کرنا	اس کا چھوٹا بھائی ناراض ہو کر خالہ کے گھر چلا گیا ہے۔ یہ تو ناخن گوشت سے جدا ہونے والی بات ہے۔ امید ہے جلد ہی واپس آ جائے گا۔
ناک بھوں چڑھانا	ناراض ہونا، ماتھے پر بل ڈالنا	ذرا سی بات کہنے پر وہ ناک بھوں چڑھانے لگا۔

WWW.EASYMCQS.COM

نانی یاد آنا	مصیبت کا سامنا ہونا	جب دشمنوں کے نرغے میں گھر گیا تو اس کو نانی یاد آئی۔
نظروں سے گرنا	ذلیل وخوار ہونا، عزت ختم ہوجانا	جب مجھے معلوم ہوا کہ چوری نسیم نے کی ہے تو وہ میری نظروں سے گر گیا۔
ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا	اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو خود تو کچھ نہ جانتا ہو لیکن اسباب وآلات میں نقص نکالے	بکرا عید پر ابو نہ جانے کس کو پکڑ لائے۔ جو خود کو تو قصائی کہتا ہے لیکن اس سے بکرا حلال نہ ہو رہا تھا۔ کبھی کہتا چھریاں تیز نہیں ہیں۔ کبھی کہتا تھا کہ جگہ اونچی نیچی ہے۔ اس کی مثال تو وہ تھی ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا۔
نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے	بہت سے آدمیوں کے سامنے ایک آدمی کی رائے کچھ حیثیت نہیں رکھتی	میں نے اسے اس کام کو کرنے سے بہت روکا مگر وہ نہ مانا اور دوستوں کے ساتھ چلا گیا۔ سچ ہے نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے۔ اب پچھتا رہا ہے۔
ناؤ خشکی میں نہیں چلتی	بغیر سخاوت شہرت نہیں ہوسکتی	نام کمانے کے لیے دریا دلی کی ضرورت ہے ناؤ خشکی میں نہیں چلتی۔
نونقد نہ تیرہ ادھار	تیرہ ادھار ملنے سے نونقد اچھے	مدت کے بعد بہت سے ملنے کی امید سے فوراً کا تھوڑا ملنا زیادہ اچھا ہے۔ ہم اپنا مال بہت کم منافع پر بیچ دیتے ہیں مگر بیچتے نقد ہیں کیونکہ نونقد نہ تیرہ ادھار۔
نیا نودن پرانا سودن	نئی چیز کی بجائے پرانی قابل اعتماد ہوتی ہے نئی چیز کی بھڑک چند دن رہتی ہے اور پرانی چیز مدت تک رہتی ہے	نئے آدمی کی چند روز زیادہ قدر ہوتی ہے۔ یا نئے کی نسبت پرانے آدمی کا زیادہ اعتبار ہوتا ہے۔ بھائی چھوٹی موٹی غلطی ہوجانا کوئی بات نہیں ہے۔ رشید صاحب ہمارے پرانے ملازم ہیں۔ ہم کسی نئے ملازم کی بجائے ان پر زیادہ اعتبار کر سکتے ہیں۔ آپ تو جانتے ہیں کہ نیا نودن پرانا سودن۔

و

محاورات	معانی	جملے
وار کرنا	تلوار یا خنجر کی ضرب لگانا، حملہ کرنا	دشمن نے ہم پر کئی وار کئے مگر سب بے سود۔

وبال جان ہونا	دل پریشان کرنا	عزیز کے مرنے سے میری زندگی وبال جان ہوگئی ہے۔
ورق بکھر جانا	اتفاق نہ رہنا، شیرازہ بکھر جانا	جب ورق بکھر جائے تو کچھ باقی نہیں رہتا اور بڑے بڑے نقصان ہوجایا کرتے ہیں۔
وضع نستعلیق ہونا	انداز میں تہذیب و شائستگی ہونا	اعلیٰ نسب لوگوں کی وضع نستعلیق ہوتی ہے۔
وقعت کھو دینا	عزت کھو دینا، ساکھ گنوانا	وہ چوری کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا اور اپنی ساری وقعت کھو دی۔
واہ پیر علیا پکائی تھی کھیر ہو گیا دلیا	خلاف منشا کام بگڑ جانے کے موقع پر بولتے ہیں	ہم نے تو اس امید پر کام شروع کیا تھا کہ کچھ منافع ہاتھ آئے گا مگر یہاں تو لینے کے دینے پڑ گئے۔ واہ پیر علیا پکائی کھیر ہو گیا دلیا۔
ولی کو ولی پہچانتا ہے	ہر قسم کے آدمی کو اسی قسم کا آدمی پہچانتا ہے	جب کوئی شخص اپنی قسم کے چالاک کی چالاکی کو تاڑ جائے تو اس کی نسبت بولتے ہیں۔ اچھی چیز کی قدر اچھے آدمی ہی جانتے ہیں۔ تم اس گھوڑے کی قدر نہیں جان سکتے۔ ولی کو ولی ہی پہچانتا ہے۔
وہ دن گئے جب خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے	اقبال کے دن جاتے رہے۔ اب بدبختی آئی	اب اپنے اخراجات پر کنٹرول کرو۔ وہ دن گئے جب خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے۔
وہم کا علاج لقمان کے پاس نہیں	وہم کا دور ہونا مشکل ہے	میں نے اندازہ لگایا ہے کہ تمہاری بدگمانی دور نہیں ہوسکتی۔ وہم کا علاج تو لقمان کے پاس بھی نہیں تھا۔
وقت نہیں رہتا بات رہ جاتی ہے	کسی کا کام نہیں رکتا مگر گلہ رہ جاتا ہے	تم آج میرے کام سے انکار کر رہے ہو کوئی بات نہیں مگر یاد رکھنا وقت نہیں رہتا بات رہ جاتی ہے۔

ہ

محاورات	معانی	جملے
ہاتھ بٹانا	مدد دینا	میرے پاس آج کل کام کی بھرمار ہے ذرا آ کر ہاتھ بٹایا کرو۔
ہاں میں ہاں ملانا	متفق الرائے ہونا، خوشامد کرنا	آج کل تو افسروں کی ہاں میں ہاں ملانے والا شخص عزت پاتا ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہتھیلی پر سرسوں جمانا	عجیب کام کرنا، جلدی سے کام کرنا، ناممکن کر دکھانا	تم نے آدھ گھنٹے میں دس آدمیوں کا کھانا پکا کر ہتھیلی پر سرسوں جمادی ہے۔
ہرن کا کالا ہونا	سخت گرمی پڑنا	باہر مت جاؤ سخت گرمی پڑ رہی ہے۔ اس دھوپ میں تو ہرن بھی کالے ہو جاتے ہیں۔
ہوا بگڑنا	ساکھ یا اعتبار کا جاتے رہنا، زمانہ کا ناموافق ہونا	وہ گاتا اتنا اچھا نہیں ہے بس یونہی اس کی ہوا بندھ گئی ہے۔
ہاتھ کو ہاتھ پہچانتا ہے	جس شخص کے ہاتھ سے کچھ حاصل ہو اسی کو فائدہ دیا جاتا ہے	اس کے عوض میں اس کے ہاتھ پر کچھ رکھنے کو دل چاہنے کے موقع پر استعمال کرتے ہیں۔ اس سے لینا اس کو دینا۔ میں آپ کو یہ رقم کیسے دے دوں۔ میں نے جس سے لی تھی۔ اس کو دوں گا ہاتھ کو ہاتھ پہچانتا ہے۔
ہاتھ کنگن کو آرسی کیا	ظاہری بات کے لیے دلیل یا ثبوت کی حاجت نہیں	سب کچھ آپ کے سامنے ہے ہمیں بتانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ آپ تو جانتے ہی ہیں ہاتھ کنگن کو آرسی کیا۔
ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور	ظاہر باطن اختلاف ہونا	آپ ان چکنی چپڑی باتوں پر نہ جائیں۔ ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور ہوتے ہیں۔
ہزار منہ ہزار باتیں	جتنے منہ اتنی آرا	یہاں تو ہزار منہ ہزار باتیں ہیں۔ کس کس کی بات مانیں۔
ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات	ہونہار شے کے آثار پہلے ہی اچھے معلوم ہوتے ہیں	نپولین بچپن سے ہی اپنے ہم عمر لڑکوں کو باہم تقسیم کر کے جھوٹی، لڑائی لڑاتا تھا۔ معلوم ہوتا تھا کہ یہ کسی دن بڑا جرنیل ثابت ہوگا سچ ہے ہونہار بروا چکنے چکنے پات۔

ی

محاورات	معانی	جملے
یک جان دو قالب ہونا	نہایت گہری دوستی ہونا	چند روز سے دونوں میں ایسی گاڑھی چھننے لگی ہے۔ گویا یک جان دو قالب تھے۔
یوں توں کرنا	گالی دینا اور کوسنا	مجھے یوں توں مت کرو ورنہ ایسا مزا چکھاؤں گا کہ ساری عمر یاد کرو گے۔
یاد میں ڈوبنا	کسی کے خیال میں محو ہونا	نہ جانے وسیم آج کل کس کی یاد میں ڈوبا رہتا ہے۔
یارانہ گانٹھنا	دوستی جوڑنا، بازی جوڑنا، دوست بنانا، آشنا بنانا	آج کل وہ بڑے بڑے لوگوں سے یارانہ گانٹھ رہا ہے۔
یہ پوت نہ بنجے جائیں گیہوں دے کر گاجر کھائیں	ایسی چتوڑی اور بیوقوف اولاد کی شادی ہونا مشکل ہے جو ابھی سے گھر کا اناج بیچ کر سودا کھاتی ہے	میں تو اس کے بیٹے کی فضول خرچیاں دیکھ دیکھ کر حیران ہوتا ہوں۔ اب تو وہ گھر کی چیزیں بھی بیچنے لگا ہے۔ سچ ہے یہ پوت نہ بنجے جائیں گیہوں دے کر گاجر کھائیں۔
یار کی یاری سے کام اس کے فعلوں سے کیا کام	دوستوں کے عیبوں کو نہ دیکھنے کے موقع پر بولتے ہیں	ہمیں دوست کی برائیوں سے کوئی غرض نہیں۔ ہمارے ساتھ اس کا برتاؤ نیک ہے۔ ہمیں یار کی یاری سے کام ہے۔ اس کے فعلوں سے کیا کام۔
یہ منہ اور مسور کی دال	یعنی یہ شخص اس منصب اور عزت کے لائق نہیں ہے	تم کو افسر کس نے بنایا ذرا اپنی قابلیت پر نگاہ تو ڈالو۔ یہ منہ اور مسور کی دال کس شیخی پر امید لگائے بیٹھے ہو۔
یا بسے گجریار ہے اوجڑ	خود غرض اور دوسرے کو آباد نہ ہونے دینے والی کی نسبت بولتے ہیں	یعنی یا تو گجر قوم آباد ہوگی یا جگہ ویران رہے گی۔ وہ اپنی ضد کا پکا ہے اس نے جب سوچ لیا ہے کہ وہاں کالونی بنے گی تو اب وہاں کالونی ہی بنے گی ورنہ وہ جگہ غیر آباد رہے گی۔ اس پر تو وہ مثل صادق آتی ہے یا بسے گجر یار ہے اوجڑ۔

WWW.ASYMCQS.COM

یا کرے دردمند یا کرے غرض مند	یا تو کام وہ کرتا ہے جسے کوئی تکلیف ہو	ہر کوئی یہ کام نہیں کر سکتا۔ یہ وہی کرے گا جس کی ضرورت ہوگی۔ سچ ہے یا کرے دردمند یا کرے غرض مند۔
یا کھائے گھوڑا یا کھائے روڑا	زیادہ خرچ دو ہی جگہ ہوا کرتا ہے یا گھوڑا رکھنے میں یا مکان وغیرہ بنانے میں	میں نے جب سے اپنا مکان کی تعمیر شروع کروائی ہے بالکل خالی ہاتھ ہو گیا ہوں۔ سچ ہے یا کھائے گھوڑا یا کھائے روڑا۔

☆☆☆

Punjab Public Service Commission

Lecturer Urdu

نوٹ: یہ پرچہ گزشتہ امتحان دینے والے طلبا و طالبات سے پوچھ کر تیار کیا گیا ہے۔ اس پرچے میں شامل 90% سے زائد سوالات پچھلے امتحان میں آئے تھے۔

1) ''بُرا خفش'' کی ترکیب اردو میں کن معنوں میں مستعمل ہے؟
(A) تیز و طرار شخص (B) بے سوچے سمجھے ہاں میں ہاں ملانے والا
(C) ہر وقت بے چین (D) ہر وقت تعاقب میں پھرنے والا

2) ''گرگ آشنائی'' کی ترکیب اردو میں مستعمل ہے جس کا مفہوم ہے۔
(A) جنگل کا قانون (B) بھیڑیوں کی سی زندگی
(C) امن چین سے رہنا (D) بظاہر دوستی، بباطن دشمنی

3) ''زاہد سالوس'' ایسے زاہد کو کہا جاتا ہے جو:
(A) اپنی ظاہری وضع سے دھوکا دے (B) حقیقی معنوں میں زاہد ہو
(C) مردم آزار ہو (D) لوگوں سے میل جول نہ رکھے

4) ''نو تیرہ بائیس بتانا'' محاورہ ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟
(A) صاف جواب دے دینا (B) ناچ تماشا کر کے دکھانا
(C) لڑائی کا ڈول ڈالنا (D) ٹال دینا

5) ''نالش کرنا'' محاورہ ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟
(A) آہ و زاری کرنا (B) صلح صفائی کا آغاز کرنا
(C) ڈانٹ ڈپٹ کرنا (D) دعویٰ دائر کرنا

6) ''غتر بود کرنا'' محاورہ ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟
(A) بلیغ انداز اختیار کرنا (B) جھگڑے کی بنیاد رکھنا
(C) شیر و شکر کرنا (D) غلط ملط کر دینا

7) ''نخاس چڑھنا'' محاورہ ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟
(A) رسوائے عام ہونا (B) بازار کا مندا ہونا
(C) بازار کا تیز ہونا (D) گھوڑ سواری کرنا

WWW.EASYMCQS.COM

"پانی میں آگ لگانا" محاورہ ہے۔اس کے معنی کیا ہیں؟

(A) کسی شے کا مہنگا ہونا (B) چرب زبان ہونا
(C) متحمل مزاج کو بھڑکانا (D) مخالف کا سخت شرمندہ ہونا

"کچا چٹھا کھولنا" محاورہ ہے۔اس کا مفہوم کیا ہے؟

(A) بچپن کا حال سنانا (B) صحیح صحیح حال بیان کرنا
(C) چھٹی پڑھ کر سنانا (D) ماحاصل بیان کرنا

"فاختہ اڑانا" محاورہ ہے۔اس کا مفہوم کیا ہے؟

(A) ہانک لگانا (B) شور مچانا
(C) مزے اڑانا (D) تہس نہس کرنا

"دامن تر ہونا" محاورہ ہے۔اس کا مطلب ہے:

(A) پیاس بجھ جانا (B) غم میں شریک ہونا
(C) آنسو بہانا (D) گناہ گار ہونا

"پانی بھرنا" محاورہ ہے۔اس کا مفہوم ہے:

(A) غلامی کرنا (B) کنویں میں سے پانی نکالنا
(C) پانی پلانا (D) مستقبل کی فکر کرنا

"سبز قدم ہونا" محاورہ ہے۔اس کا مفہوم ہے:

(A) مبارک ہونا (B) چاروں طرف سبزہ ہونا
(C) منحوس ہونا (D) سنسان ہونا

"آنکھیں سفید ہونا" محاورہ ہے۔اس کا مطلب ہے:

(A) سنگ دل ہونا (B) بینائی جاتے رہنا
(C) بے حیا ہونا (D) ضعیف العمر ہونا

"شین کاف درست ہونا" سے مراد ہے:

(A) ادب سے گفتگو کرنا (B) دھیمے لہجے میں بات کرنا
(C) خوش لباس ہونا (D) زبان کا تلفظ صحیح ہونا

"فیل مچانا" محاورہ ہے۔اس کے معنی کیا ہیں؟

(A) شور مچانا (B) دہائی دینا
(C) زور زور سے رونا (D) جھوٹ موٹ کا رونا

17) محاورہ کے لیے لازمی ہے کہ وہ:

(A) اپنے مجازی معنی دے (B) اپنے حقیقی معنی دے
(C) فقط ایک لفظ پر مشتمل ہو (D) فقط دو لفظوں پر مشتمل ہو

18) روزمرہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ:

(A) محاورہ بھی ہو (B) اپنے حقیقی معنی دے
(C) اپنے مجازی معنی دے (D) قواعد کے مطابق ہو

19) "جودھ پور کا قاضی" ضرب المثل ہے۔اس سے کیا مراد لیا جاتا ہے؟

(A) انتہائی سمجھ دار (B) ثرت فیصلہ دینے والا
(C) بے وقوف، احمق (D) فیصلے کو لٹکانے والا

20) "بھان متی کا کُنبہ" ضرب المثل ہے۔اس سے کیا مراد ہے؟

(A) واہی تباہی لوگوں کا مجمع (B) شور مچانے والوں کا گروہ
(C) ادنیٰ ذات کے ہندوؤں کا کُنبہ (D) ہر عمر کے لوگوں کا اژدھام

21) اصطلاح نظم میں "ریختی" کیا ہے؟

(A) عورت کی طرف سے اظہار عشق کا نام ہے (B) گنواروں کی بولی ہے
(C) ریختہ کی مؤنث ہے (D) عورتوں کی روزمرہ زبان کا نام ہے

22) اصنافِ نظم میں "رباعی" کتنے شعروں پر مشتمل ہوتی ہے؟

(A) فقط ایک شعر پر (B) دو شعروں پر
(C) چار شعروں پر (D) چھ شعروں پر

23) اصنافِ نظم میں "قطعہ" کتنے شعروں پر مشتمل ہوتا ہے؟

(A) فقط دو شعروں پر (B) چار شعروں پر
(C) چھے شعروں پر (D) تعداد پر پابندی نہیں

24) "غزل" کی زبان کیسی ہوتی ہے؟

(A) علائم و رموز کی زبان (B) غم والم کی زبان
(C) ہجر و فراق کی زبان (D) ترک واحتشام کی زبان

25) ادب کی اصطلاح میں "تاریخ گوئی" کسے کہتے ہیں؟

(A) ملک کے حالات قلم بند کرنا (B) اہم تاریخی واقعات کا لکھنا
(C) حروف کے عدد سے سال برآمد کرنا (D) تاریخی واقعات کو زمانی ترتیب دینا

WWW.EASYMCQS.COM

26) "بے نقط شاعری" سے کیا مراد ہے؟
(A) جس میں نقطہ نے آئے (B) بے ہنگم شاعری
(C) جس میں برا بھلا کہا گیا ہو (D) مسلسل مفہوم کی حامل شاعری

27) سانیٹ (SONNNET) انگریزی صنفِ نظم ہے جو اردو میں بھی رائج ہے۔ اس میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟
(A) دس مصرعے (B) بارہ مصرعے
(C) چودہ مصرعے (D) ان میں سے کوئی بیان درست نہیں

28) "ہجو" ایسی صنفِ نظم ہے جس میں:
(A) کسی کو برا بھلا کہا گیا ہو (B) کسی کی خوب تعریف ہو
(C) کسی واقعہ کا بیان ہو (D) کہیں مذمت کہیں مدح ہو

29) "غزل در غزل" سے کیا مراد ہے؟
(A) بغیر مقطع کے غزل (B) طویل بحر کی غزل
(C) سنگلاخ زمین میں غزل (D) مقطع کے بعد اسی ردیف قافیے میں غزل

30) پابند نظم کے لیے لازمی ہے:
(A) ردیف (B) قافیہ
(C) ردیف قافیہ دونوں (D) چھوٹی بحر

31) مولانا حالی کے خیال میں سب سے کارآمد صنفِ سخن کون سی ہے؟
(A) غزل (B) رباعی
(C) مثنوی (D) مسدس

32) "ہائیکو" جاپانی صنفِ نظم ہے اور اردو میں بھی مروج ہے۔ بتایئے ہائیکو میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟
(A) دو (B) چار
(C) چھ (D) ان میں سے کوئی بیان درست نہیں

33) کس صنفِ نثر کی زبان غزل سے قریب تر ہوتی ہے؟
(A) مقالہ (B) مضمون
(C) انشائیہ (D) خاکہ

34) "جوگی" اردو شعری ادب کی ایک معروف نظم کا عنوان ہے۔ یہ نظم کس کی تخلیق ہے؟
(A) محمد دین فوق (B) تلوک چند محروم
(C) خوشی محمد ناظر (D) علامہ اقبال

35) جملہ مکمل کیجیے: اردو شاعری کے کلاسیکی دور سے لے کر جدید دور شاعری تک ..... کی صنف شاعر کے قدرتِ کلام کو پرکھنے کی کسوٹی رہی ہے۔
(A) قصیدہ (B) غزل
(C) رباعی (D) قطعہ

36) میر انیس اور مرزا دبیر نے مرثیہ کس شعری ہیئت میں لکھا؟
(A) مثلث (B) مربع
(C) مخمس (D) مسدس

37) اردو میں "رئیس الاحرار" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
(A) مولانا حسرت موہانی (B) مولانا محمد علی جوہر
(C) جوش ملیح آبادی (D) مجید امجد

38) اردو میں "شاعرِ مزدور" کسے کہا جاتا ہے؟
(A) جوش ملیح آبادی (B) فیض احمد فیض
(C) احسان دانش (D) ساغر صدیقی

39) "شاعرِ کشمیر" کے لقب سے کون ملقب ہیں؟
(A) خوشی محمد ناظر (B) محمد دین فوق
(C) علامہ اقبال (D) حفیظ جالندھری

40) مَلکِ الشعراء مولانا غلام قادر گرامی جو علامہ قبال کے دوست بھی تھے، کس زبان کے شاعر تھے؟
(A) فارسی (B) اردو
(C) فارسی اردو دونوں (D) عربی

41) علامہ اقبال "مفکرِ مشرق" کے لقب سے ملقب ہیں، بتایئے "مصورِ مشرق" کن کو کہا جاتا ہے؟
(A) صادقین (B) استاد اللہ بخش
(C) عبدالرحمٰن چغتائی (D) بشیر موجد

42) غلام عباس کے افسانے "اوور کوٹ" کے پس نظر میں کس شہر کی سڑکوں کا ذکر ملتا ہے؟
(A) دہلی (B) لکھنؤ
(C) کراچی (D) لاہور

43) "طبقۂ نسواں کا محسن" کس مصنف کو اقرار دیا جاتا ہے؟
(A) سرسید احمد خاں (B) مولانا حالی

WWW.EASYMCQS.COM

(C) علامہ راشد الخیری (D) شاہد احمد دہلوی

44) اردو شاعری میں "خدائے سخن" کن کو کہا جاتا ہے؟

(A) ولی دکنی (B) میر تقی میر

(C) مرزا غالب (D) مرزا داغ دہلوی

45) اردو کے کس شاعر کو "عوامی شاعر" کہا جاتا ہے؟

(A) نظیر اکبر آبادی (B) جوش ملیح آبادی

(C) علامہ اقبال (D) احسان دانش

46) کس ڈرامہ نگار کو انڈین "شیکسپیئر" کہا جاتا ہے؟

(A) طالب بنارسی (B) آغا حشر

(C) امتیاز علی تاج (D) مرزا ادیب

47) میر تقی میر نے اپنے زندگی کے آخری تیس اکتیس سال کہاں بسر کیے؟

(A) دہلی (B) لکھنؤ

(C) آگرہ (D) حیدر آباد (دکن)

48) "نکات الشعراء کس کی تصنیف ہے؟

(A) خواجہ میر درد (B) میر تقی میر

(C) میر انیس (D) مرزا غالب

49) "سوزِ وطن" کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

(A) کرشن چندر (B) سعادت حسن منٹو

(C) پریم چند (D) سجاد حیدر یلدرم

50) "غبارِ خاطر" کا تعلق کس صنفِ ادب سے ہے؟

(A) انشائیہ (B) تمثیل

(C) مکتوب (D) مضمون

51) "بانگِ درا" کا دیباچہ کس نے لکھا؟

(A) سید سلیمان ندوی (B) سر عبدالقادر

(C) مولانا عبدالماجد دریا آبادی (D) جسٹس شاہ دین ہمایوں

52) "بیخ آہنگ" کس کے مکاتیب کا مجموعہ ہے؟

(A) مشفق خواجہ (B) مولوی عبدالحق

(C) مرزا غالب (D) ڈپٹی نذیر احمد

5) "ذکرِ میر" کس کی خودنوشت ہے؟

(A) میر انیس (B) میر درد

(C) میر مہدی حسین مجروح (D) میر تقی میر

5) خواجہ حسن نظامی کی تصنیف "سی پارۂ دل" کے مضامین کو بنیادی خاصیت کیا ہے؟

(A) ہر مضمون میں تصوف ضرور ہے (B) تمام مضامین ترجمہ ہیں

(C) بزرگانِ دین کا ذکر ہے (D) جنگ آزادی کے بارے میں ہیں

5) مولانا عبدالحلیم شرر کے ناول "فردوسِ بریں" کی داستان کا موضوع کیا ہے؟

(A) ہلاکو خاں کی بربادی (B) داستان باغ ارم

(C) عالم اسلام کا عروج (D) فرقہ باطنیہ کی تحریک

4) حفیظ جالندھری کی تصنیف "شاہنامۂ اسلام" کون سی صنفِ شعر میں لکھی گئی ہے؟

(A) مسدس (B) مخمس

(C) مثنوی (D) قصیدہ

1) اردو میں تنقید کی اولین کتاب کسے قرار دیا جاتا ہے؟

(A) آبِ حیات (B) مقدمہ شعر و شاعری

(C) نکاتِ سخن (D) غم خانہ جاوید

"فرہنگ آصفیہ" کے مصنف کا نام بتایئے؟

(A) سید احمد دہلوی (B) عبداللہ خاں خویشگی

(C) مولوی نورالحسن نیر (D) وارث سرہندی

"دکن میں اردو" کے مصنف کون ہیں؟

(A) محی الدین قادری زور (B) نصیر الدین ہاشمی

(C) مولوی عبدالحق (D) ابواللیث صدیقی

علامہ اقبال کے کس شعری مجموعے میں ان کا فارسی اور اردو کلام شامل ہے؟

(A) اسرار خودی (B) بال جبریل

(C) زبور عجم (D) ارمغان حجاز

درج ذیل داستانوں میں سے کون سی داستان لکھنؤ میں لکھی گئی ہے؟

(A) باغ و بہار (B) فسانۂ عجائب

EASYMCQS.COM

(C) قصص العجائب (D) توتا کہانی

62) مرزا غالب کے اردو مکاتیب پر مبنی کتاب کون سی ہے؟

(A) دستنبو (B) عودِ ہندی

(C) یادگارِ غالب (D) برہان قاطع

63) مشرقی تمدن کا آخری نمونہ (گزشتہ لکھنؤ) اردو میں عمرانیات کی پہلی کتاب ہے۔ اس کے مصنف کون ہیں؟

(A) مرزا ہادی علی رسوا (B) رجب علی بیگ سرور

(C) مسعود حسن رضوی ادیب (D) مولانا عبدالحلیم شرر

64) ''بیگمات کے آنسو'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) خواجہ حسن نظامی (B) شاہد احمد دہلوی

(C) مولانا عبدالحلیم شرر (D) علامہ راشد الخیری

65) ''مجالس النساء'' اردو کا ایک مقصدی ناول ہے۔ اس کے مصنف کون ہیں؟

(A) ڈپٹی نذیر احمد (B) خواجہ الطاف حسین حالی

(C) مولانا عبدالحلیم شرر (D) علامہ راشد الخیری

66) ''مہر نیم روز'' مرزا غالب کی تصنیف ہے، اس کا موضوع کیا ہے؟

(A) جنگ آزادی کے خونیں واقعات (B) خاندان مغلیہ کی تا تمام تاریخ

(C) مرزا کے فارسی خطوط کا مجموعہ (D) اردو خطوط کا مجموعہ

67) ''مٹی کا دیا'' کس کی خودنوشت ہے؟

(A) جوش ملیح آبادی (B) احسان دانش

(C) مرزا غالب (D) دیوان سنگھ مفتون

68) ''شوخی تحریر'' کس کا مجموعۂ کلام ہے؟

(A) سید محمد جعفری (B) سید ضمیر جعفری

(C) ظرف لکھنوی (D) ظرف جبل پوری

69) ''مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ'' اردو کا ایک شاہکار مضمون ہے۔ اس کے مصنف کون ہیں؟

(A) سجاد حیدر یلدرم (B) مولوی عبدالحق

(C) رشید احمد صدیقی (D) مرزا فرحت اللہ بیگ

70) ''روشنائی'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) سرسید احمد خاں (B) سید سجاد ظہیر

(C) جوش ملیح آبادی (D) رشید احمد صدیقی

) ''اعلانِ جنگ دورِ حاضر کے خلاف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔'' یہ الفاظ علامہ اقبال کے کس مجموعۂ کلام کے سرورق پر درج ہیں؟

(A) بانگِ درا (B) بالِ جبریل

(C) ضربِ کلیم (D) ارمغانِ حجاز

) علامہ اقبال کا سب سے پہلا شعری مجموعہ کون سا ہے؟

(A) بانگِ درا (B) بالِ جبریل

(C) اسرارِ خودی (D) رموزِ بے خودی

) پامال راستوں کو ترک کر کے ایک تخلیقی جذبے کے تحت نئی قدروں کی تلاش میں منہمک ہونے کے عمل کو ادب کی اصطلاح میں کیا دیا جاتا ہے؟

(A) کلاسیقیت (B) رومانویت

(C) ارفعیت (D) ایمائیت

) اردو کلاسیکی اور جدید شاعری کا سنگم کس شاعری کی ذات کو گردانا جاتا ہے؟

(A) مولانا محمد حسین آزاد (B) مولانا الطاف حسین حالی

(C) مولانا حسرت موہانی (D) علامہ اقبال

) آخری مغل فرماں روا بہادر شاہ ظفر کے استاد جو مَلِکُ الشعرائی کے رتبے پر بھی فائز تھے، کون تھے؟

(A) شیخ ابراہیم ذوق (B) مرزا غالب

(C) مولوی امام بخش صہبائی (D) حکیم مومن خاں مومن

) مولانا حالی کے خیال میں سب سے مقدم اور ضروری چیز جو شاعر کو متشاعر سے ممیز و مشرف کرتی ہے، کیا ہے؟

(A) تخیل (B) ردیف

(C) قافیہ (D) الفاظ کی روانی

) جدید اردو نظم کا آغاز کہاں سے ہوا؟

(A) اودھ پنچ (لکھنؤ) (B) تہذیب الاخلاق (علی گڑھ)

(C) انجمن حمایتِ اسلام (لاہور) (D) انجمن پنجاب (لاہور)

) اردو ادب میں ترقی پسند تحریک کے روحِ رواں کون تھے؟

(A) منشی پریم چند (B) فیض احمد فیض

(C) سید سجاد ظہیر (D) ظہیر کاشمیری

) علامہ اقبال کی اردو شاعری کا حاصل ان کی کس نظم کو کہا جاتا ہے؟

WWW.EASYMCQS.COM

(A) تصویر درد (B) ساقی نامہ
(C) طلوع اسلام (D) شمع اور شاعر

(80) علامہ اقبال نے اپنی شاعری میں کس صنفِ نظم کو سب سے زیادہ استعمال کیا ہے؟
(A) غزل (B) ترجیع بند
(C) ترکیب بند (D) مثنوی

(81) کسی میڈیکل کالج کے طالب علم کو "ڈاکٹر صاحب" کہنا، اصطلاح میں کیا کہلاتا ہے؟
(A) کنایہ (B) تشبیہ
(C) مجاز مرسل (D) استعارہ

(82) "قائداعظم" یا "مادرِ ملت" کے الفاظ قواعد کی رو سے کیا ہیں؟
(A) لقب (B) خطاب
(C) تخلص (D) عرف

(83) لفظ "پہناوا" کو قواعد کی رو سے کیا کہیں گے؟
(A) اسم جامد (B) اسم مصدر
(C) فعل متعدی (D) حاصل مصدر

(84) پاکستانی، پنجابی، سندھی، بلوچی، دہلوی، بخاری، مدنی، عثمانی وغیرہ الفاظ میں مستعمل "ی" کو اصطلاح میں کیا نام دیا جاتا ہے؟
(A) یائے معروف (B) یائے مجہول
(C) یائے نسبتی (D) یائے متکلم

(85) "نِ یوسف"، "دمِ عیسیٰ"، "یدِ بیضا" کو اردو زبان کی اصطلاح میں کیا کہیں گے؟
(A) تشبیہ (B) استعارہ
(C) [illegible] (D) کنایہ

(86) ٹیپ کا مصرع کسے کہتے ہیں؟
(A) نظم کا پہلا مصرع (B) نظم کا آخری مصرع
(C) نظم کا سب سے دلآویز مصرع (D) ہر بند میں بار بار آنے والا مصرع

(87) خواجہ میر درد شاعر ہیں جبکہ خواجہ حسن نظامی نثر نگار پھر ان دونوں میں قدر مشترک کیا ہے؟
(A) خواجگی (B) دہلویت
(C) تصوف (D) حضرت نظام الدین اولیاء سے نسبت

(88) اہل لاہور کو "زندہ دلانِ لاہور" کا لقب کس نے دیا؟

(A) پطرس بخاری (B) خواجہ حسن نظامی
(C) علامہ اقبال (D) سرسید احمد خاں

(89) علامہ اقبال نے پرندوں میں "شاہین" کو جن صفات کی بنا پر پسند کیا ہے ان میں سے اہم ترین صفت یہ ہے کہ شاہین:
(A) پرندوں کا بادشاہ ہے (B) فضا میں شکار کرتا ہے
(C) بلند پرواز ہے (D) کئی کئی دن بھوکا رہ سکتا ہے

(90) علامہ اقبال اپنے آپ کو کس ہستی کا معنوی شاگرد کہنے میں فخر محسوس کرتے تھے؟
(A) شمس تبریزی (B) شیخ سعدی
(C) حافظ شیرازی (D) مولانا روم

(91) تصدق حسین خالد، ن۔م۔راشد اور میراجی میں قدر مشترک کیا ہے؟
(A) غزل (B) مثنوی
(C) آزاد نظم (D) نظم معریٰ

(92) "(ہر چند) اردو میں سب سے کم سرمایہ چھوڑا ہے مگر کتنا اونچا مقام پایا۔" رشید احمد صدیقی کا یہ جملہ کس مزاح نگار کی ذات پر صادق آتا ہے؟
(A) پطرس بخاری (B) فرحت اللہ بیگ
(C) شوکت تھانوی (D) ابن انشا

(93) ابن انشا، کرنل محمد خاں اور مشتاق احمد یوسفی میں قدرِ مشترک کیا ہے؟
(A) خاکہ نگاری (B) سفرنامہ نگاری
(C) فکاہیہ کالم نگاری (D) مزاح نگاری

(94) جب الفاظ کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہو تو اسے اصطلاح میں کیا کہیں گے؟
(A) تشبیہ (B) استعارہ
(C) مجاز مرسل (D) کنایہ

(95) "گدڑیا" اردو افسانوی ادب کا ایک شاہکار افسانہ ہے۔ افسانہ نگار کا نام بتایئے؟
(A) اشفاق احمد (B) بانو قدسیہ
(C) انتظار حسین (D) غلام عباس

(96) بتایئے PLATTS, JOHN SHAKESPEARE اور Dr. FALLON میں قدر مشترک کیا ہے؟
(A) اردو ناول نگاری (B) اردو قواعد کے خالق
(C) انگریزی اردو لغات کے خالق (D) انگریزی [illegible]

WWW.PAKSOCIETY.COM

97) مری قدر کر آے زمینِ سخن!
کہ بات میں تجھے آسماں کر دیا
سبک ہو چلی تھی ترازوئے شعر
مگر ہم نے پلہ گراں کر دیا
بتایئے ان اشعار کا تعلق کس صنفِ شاعری سے ہے؟
(A) قطعہ (B) رباعی
(C) مثنوی (D) قصیدہ

98) سوال نمبر 97 کے حوالے سے بتایئے کہ ان اشعار میں قافیہ کیا ہے؟
(A) کر دیا (B) آسماں کر دیا
(C) آسماں، گراں (D) زمین، آسماں

99) سوال نمبر 97 ہی کے حوالے سے بتایئے کہ ان اشعار میں ردیف کیا ہے؟
(A) دیا (B) کر دیا
(C) آسماں کر دیا، گراں کر دیا (D) ردیف ہی نہیں ہے۔

100) بتایئے یہ شعر کس صوفی شاعر کا ہے؟
تو ہے ظاہر اور خود پنہاں بھی تو
ابر بھی تو اور خود باراں بھی تو
(A) شاہ عبداللطیف (B) قادر بخش بیدل
(C) ابر سندھی (D) حضرت سچل سرمست

☆☆☆

WWW.EASYSCORS.COM